comprehensive information regarding the proposed innovation, its anticipated benefits, potential risks, proposed mitigation measures, and a clear exit strategy.

(2) Applicants who are deemed suitable for participation in the sandbox shall enter into a formal supervisory agreement with the Authority, which shall specify the precise parameters and conditions governing the testing of the innovation.

44. **Duration, limits and exit of sandbox testing.**— (1) The duration of any testing within the sandbox shall not exceed a period of eighteen months from the date of commencement, unless otherwise determined by the Authority.

(2) The Authority may, at its discretion, impose limits on transaction, the number of customers involved in the testing, or the overall financial exposure arising from the sandbox activities.

(3) Upon the conclusion of the sandbox testing period, the participant shall, as directed by the Authority, either transition to obtaining a full license under this Ordinance, discontinue the Virtual Asset Service that was the subject of the test, or take such other steps as the Authority may direct or deem necessary.

45. **No-action relief and transitional arrangements.**— (1) The Authority may issue a no-action letter stating that it does not intend to take enforcement action in respect of specified conduct for a defined period.

(2) The issuance of a no-action letter shall not constitute a legal immunity, and the Authority reserves the right to withdraw such a letter at any time by providing written notice.

PART IX: ENFORCEMENT, OFFENCES AND PENALTIES

46. **Investigatory powers.**— (1) For the purpose of ascertaining compliance with this Ordinance the Authority may—

(a) enter and inspect any premises used in connection with a Virtual Asset Services;

(b) examine and take copies of books, records and data;

(c) summon and examine any Person acquainted with the facts and circumstances of the matter; or

(d) apply to the relevant authority for a warrant to search and seize evidence of an offence.

(2) Where the Authority, as a result of an investigation, has reasonable grounds to believe that an offence under this Ordinance has been committed, it may file a criminal complaint in writing before a court of competent jurisdiction in accordance with the Code of Criminal Procedure, 1898.

47. **Administrative sanctions.**— (1) Where the Authority is satisfied that a Person has contravened this Ordinance or any Regulations made under it, the Authority may impose one or more of the following sanctions—

(a) issue a written reprimand or public censure;

(b) issue a directive requiring the Person to cease or take specified measures to remedy the contravention;

(c) impose a financial penalty not exceeding the higher of one hundred million Pakistani Rupees (PKR 100,000,000) or five percent (5%) of the Virtual Asset Service Provider's annual turnover;

(d) suspend or revoke any license issued to the Virtual Asset Service Provider under this Ordinance; or

(e) disqualify any Person from holding any office or position of responsibility in a Virtual Asset Service Provider licensed under this Ordinance.

(2) Where the Authority is satisfied that an Issuer has contravened any provision of Sections 33 or 37 of this Ordinance, or any Regulations made thereunder, the Authority may impose one or more of the sanctions listed in subsection (1), with such modifications as may be appropriate, including—

(a) a financial penalty not exceeding the higher of one hundred million Pakistani Rupees (PKR 100,000,000) or five percent (5%) of the total value of the Virtual Asset offering;

(b) a public directive requiring correction, retraction, or clarification of false or misleading statements;

(c) a ban or restriction on the Issuer from making further public offerings of Virtual Assets for a specified period;

(d) disqualification of responsible individuals from participating in the management or governance of Virtual Asset Service Providers or Issuers; or

(e) suspension or revocation of any prior approval granted under Section 37.

48. **Emergency intervention powers.**— (1) In the event of a systemic threat, market manipulation, fraud, or cybersecurity breach, the Authority may issue an order temporarily suspending specified Virtual Asset Services or freezing related assets for a period not exceeding thirty days.

(2) Such order shall be subject to review by the Virtual Assets Appellate Tribunal upon application by an aggrieved party.

49. **Civil penalties.**—(1) The Authority may, in addition to or in lieu of administrative sanctions, apply to the Court having jurisdiction for the imposition of a civil penalty as applicable under the Code of Civil Procedure, 1908 in respect of any contravention of the provisions of this Ordinance.

(2) The court may order restitution of profits and grant such other relief as it may deem appropriate.

50. **Criminal offences.**—(1) A Person who willfully provides an unlicensed Virtual Asset Service commits an offence and is liable on conviction to imprisonment for a term not exceeding seven years, or a fine not exceeding fifty million Pakistani Rupees, or both.

(2) A Person who knowingly makes any false or misleading statement in any application, return or document submitted to the Authority commits an offence and is liable on conviction to imprisonment for a term not exceeding three years, or a fine not exceeding twenty million Pakistani Rupees, or both.

(3) Any Person who obstructs an officer of the Authority in the exercise of powers under this Ordinance commits an offence and is liable on conviction to imprisonment for a term not exceeding two years, or a fine not exceeding ten million Pakistani Rupees, or both.

(4) Where a Virtual Asset Service Provider contravenes any provision of the Anti-Money Laundering Act, 2010, or the Rules, Regulations, or guidelines made thereunder, such contravention shall be punishable in accordance with the penalties Prescribed under the said Ordinance, in addition to any regulatory action under this Ordinance.

(5) Notwithstanding anything contained in this Ordinance, all offences punishable under this Ordinance shall be investigated, tried, and punished in accordance with the provisions of the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), as may be applicable, unless otherwise provided in this Ordinance or the Rules or Regulations made thereunder.

(6) The Federal Government may, by notification in the official Gazette, designate one or more special courts or judicial forums to exercise jurisdiction over offences under this Ordinance. Until such time, jurisdiction shall lie with the courts empowered to try offences under the Code of Criminal Procedure, 1898.

51. **Liability of officers of bodies corporate.**— Where an offence under this Ordinance is committed by a body corporate with the consent, connivance or neglect of any

director, manager, secretary or similar officer, such Person shall be deemed to have committed the offence.

52. Establishment and appeals to virtual assets appellate tribunal.— (1) A Virtual Assets Appellate Tribunal shall be established and no court shall take cognizance of a legal dispute under this Ordinance or the Rules or Regulations made thereunder to which the jurisdiction of the Virtual Assets Appellate Tribunal extends. An appeal can be filed on a decision of the Virtual Assets Tribunal as set forth in section 53 of this Ordinance.

(2) Notwithstanding anything contained here, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, designate an existing tribunal established under any other law to exercise the powers and perform the functions of the Virtual Assets Appellate Tribunal under this Ordinance.

(3) Any Virtual Asset Service Provider, Licensee, or any other Person aggrieved by an order of the Authority may prefer an appeal before the Virtual Assets Appellate Tribunal within thirty days of the date on which the order was communicated, in accordance with the PrescribedRules.

(4) An appeal to the Virtual Assets Appellate Tribunal shall be in such form, contain such particulars, and be accompanied by such documents and fees as may be Prescribed under this Ordinance.

(5) The Virtual Assets Appellate Tribunal shall consist of a presiding officer, who shall be a legal expert, and two members, one being a technical expert and the other being a financial expert, who shall be Persons of ability, integrity, and have special knowledge and professional experience of not less than ten years in the fields of law, technology, finance, or economics.

(6) The presiding officer and members of the Virtual Assets Appellate Tribunal shall be appointed by the Federal Government, in the manner Prescribed, and hold office for a period of three years and shall be eligible for re-appointment for a similar term or terms and shall cease to hold office on attaining the age of sixty-eight years or the expiry of the term, whichever is earlier.

(7) The terms, conditions, and appointment of the Virtual Assets Appellate Tribunal presiding officer and other members shall be in the manner Prescribed by the Federal Government.

(8) The presiding officerand the members shall be entitled to such salary and other terms and conditions of service as the Federal Government may prescribe.

(9) The Virtual Assets Appellate Tribunal shall decide an appeal expeditiously but not later than three months of its presentation to the Tribunal.

(10) The Virtual Assets Appellate Tribunal shall, for the purpose of deciding an appeal, be deemed to be a civil court and shall have the same powers as are vested in such court under the Code of Civil Procedure, 1908 (Act V of 1908), including the powers of—

(a) enforcing the attendance of any Person and examining him on oath;

(b) compelling the production of documents; and

(c) issuing commissions for the examination of witnesses and documents.

(11) It shall be sufficient for the Virtual Assets Appellate Tribunal to establish, or to be satisfied as to any matter on the standard of proof applicable to civil proceedings in a summary manner in a court of law.

(12) The Virtual Assets Appellate Tribunal's determinations or decisions under this Ordinance shall be deemed to be the decrees of a civil court under the Code of Civil Procedure, 1908 (Act V of 1908).

53. Appeal to supreme court.— Any Person aggrieved by an order of the Virtual Assets Appellate Tribunal may prefer an appeal to the Supreme Court of Pakistan within sixty days under the RulesPrescribed by the Supreme Court.

PART X: TAXATION AND AUDIT CO-OPERATION

54. Reporting to federal board of revenue.— Every Virtual Asset Service Provider licensed under this Ordinance shall comply with the obligations for tax withholding and the filing of information returns as Prescribed under the Income Tax Ordinance, 2001 and any Rules or Regulations issued by the Federal Board of Revenue in relation to transactions involving Virtual Assets and the income of the Virtual Asset Service Provider.

PART XI: ISLAMIC-FINANCE AND SHARIAH COMPLIANCE

55. Role of shariah advisory committee.— (1) The Authority shall constitute a Shariah Advisory Committee of such composition and in such mode and manner as may be Prescribed by Rules.

(2) The Shariah Advisory Committee shall advise the Authority on Shariah compliance of Virtual Asset products and services.

(3) The rulings issued by the Shariah Advisory Committee on designated Islamic products shall be binding on Licensees offering or dealing with such products.

56. **Certification of shariah-compliant virtual asset products.**— (1) A Licensee may submit an application to the Authority for certification that a Virtual Asset product is Shariah-compliant.

(2) The Authority may grant such certification subject to such terms and conditions and ongoing review as the Authority may deem appropriate in consultation with the Shariah Advisory Committee.

PART XII: MISCELLANEOUS

57. **Powers to make rules.**— The Authority may, with the approval of the Federal Government, make Rules as deemed necessary for the implementation of and to carry out the purposes of this Ordinance.

58. **Powers to make regulations.**— The Authority may make Regulations as deemed necessary for the implementation of and to carry out the purposes of this Ordinance.

59. **Bar of jurisdiction.**— Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force and except as provided under this Ordinance, no decision or action taken under this Ordinance or Rules or Regulations made thereunder shall be questioned by any agency or challenged in any court or tribunal, nor shall any injunction be granted against such decisions or actions.

60. **Transitional provisions .** — (1) Until such time that the Pakistan Virtual Asset Regulatory Authority is formally notified and operational under this Ordinance, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, designate any existing Division, regulatory authority, or body corporate to perform the functions, exercise the powers, and discharge the responsibilities assigned to the Authority under this Ordinance.

(2) Any Person who is providing Virtual Asset Services immediately before the commencement of this Ordinance shall, within a period of six months from such commencement, either apply to the Authority or designated authority for a license under this Ordinance or cease to carry on such service.

(3) During the transitional period specified in subsection (1), any Person providing Virtual Asset Services shall comply with directions issued by the designated Division, regulatory authority, or body acting on behalf of the Authority.

61. **Power of the Federal Government to issue policy directives.**— The Federal Government may, by notification in the official Gazette, give policy directives to the Authority

to align its actions with national policies, priorities and interests consistent with the objectives and framework established under this Ordinance. Such policy directives shall not impede the Authority's operational autonomy.

62. Removal of difficulties.— If a procedural or operational difficulty arises in giving effect to any of the provisions of this Ordinance, the Federal Government may, within six months of the commencement of this Ordinance, make such order not inconsistent with the provisions of this Ordinance, as may appear to it to be necessary or expedient for removing such difficulty.

SCHEDULE 1

(See section 14)

CATEGORIES OF VIRTUAL ASSET SERVICES

The list below shall constitute the types of Virtual Asset Services and their description.

Service Category	Description
Advisory Services	means the provision of Personalised recommendations to a customer, either upon request or at the initiative of Virtual Asset Service Providers, relating to one or more actions or transactions involving Virtual Assets.

Broker-Dealer Services means any of the following:

(a) arranging or facilitating orders for the purchase and sale of Virtual Assets between two parties;

(b) soliciting or accepting orders and receiving consideration in fiat currency or Virtual Assets;

(c) trading Virtual Assets on the Virtual Asset Service Provider's own account;

Exemption: A Person that deals solely on itsown account, does not execute orders on behalf of customers, and does not hold or control Customer Assets is not regarded as carrying on 'broker-dealer services' for the purposes of this Ordinance

(d) market-making using Customer Assets; or

(e) providing placement or distribution services for Issuers.

Custody Services means the safekeeping or controlling, on behalf of customers, of Virtual Assets or of the means of access to such Virtual Assets.

Exchange Services means any of the following:

(a) exchanging Virtual Assets for fiat currency;

(b) exchanging one or more types of Virtual Assets;

(c) matching orders between buyers and sellers and executing conversions as described in (a) and (b); or

(d) maintaining an order book for the above purposes.

Lending and Borrowing Services	means the facilitation of lending or borrowing arrangements involving Virtual Assets, where one or more lenders transfer or lend Virtual Assets to one or more borrowers, subject to a contractual obligation for the borrower to return equivalent Virtual Assets at a specified time or upon demand.
Virtual Asset Derivatives Services	means the offering or facilitation of transactions in derivatives that have a Virtual Asset as their underlying reference asset.
Virtual Asset Management and Investment Services	means acting in a fiduciary or agency capacity for the purpose of managing or administering another Person's Virtual Assets, including: (a) portfolio or investment management involving Virtual Assets; and (b) responsibility for staking on behalf of customers to earn validator or network rewards.
Virtual Asset Transfer and Settlement Services	includes transfer, transmission, or settlement of Virtual Assets between parties, or from one wallet, address, or location to another, on behalf of customers.
Fiat-referenced TokenIssuance Services	The issuance, offering, redemption, or ongoing management of any fiatorAsset-Referenced token, including: • Establishing or administering reserve assets backing the value of the Fiat-Referenced Token; • Providing redemption rights or liquidity mechanisms to users or holders; • Operating any infrastructure enabling the issuance, transfer, or conversion of such Fiat-Referenced Token;

	• Acting as the primary Issuer, reserve custodian, or central administrator of the Fiat-Referenced Tokensystem.

SCHEDULE 2

(See section 22)

MINIMUM PAID-UP CAPITAL

Category	Minimum Paid-up Capital (PKR)
Exchange	1,000,000,000
Broker-dealer	100,000,000
Custody-only	200,000,000
Fiat Referenced TokenIssuer	1,000,000,000
Asset Referenced Token Issuer	1,000,000,000
Other	As Prescribed

SCHEDULE 3

(See sections 26 & 27)

SIGNIFICANT ISSUER THRESHOLDS & RESERVE METRICS

(1) An Issuer shall be deemed "significant" where:

(a) the total market capitalisation of the fiat referenced or Asset-Referenced token exceeds five billion Pakistani Rupees (PKR 5,000,000,000); or

(b) the number of users based in Pakistan holding the fiat referencedorAsset-Referenced token exceeds five million (5,000,000); or

(c) such other thresholds as may be Prescribed by the Authority.

(2) Significant Issuers shall be required to maintain additional own funds equivalent to at least three percent (3%) of reserve assets, capped at PKR 2 billion (or such lower or higher cap as the Authority may prescribe in Regulations) and shall submit enhanced risk assessment and governance..

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Virtual Assets being an evolving component of the modern financial ecosystem, necessitate a dedicated regulatory authority for licensing and supervision of virtual asset service providers, with the aim to ensure investor protection, transparency and market integrity. The Authority will ensure investor protection, foster innovation, and promote transparency in the Virtual Asset Market. This authority will create an enabling environment for safe trading, prevent illegal activities like money laundering and fraud, and enhance global competitiveness.

2. Therefore, a corresponding legal framework, empowering the Authority, is also required to combat money laundering, terrorist financing, and other illicit activities while promoting innovation, financial inclusion, economic growth and development of Shariah complaint virtual asset services aligned with international standards.

3. The Virtual Assets Ordinance, 2025 is designed to achieve the aforementioned purposes.

Senator Muhammad Aurangzeb
Minister for Finance and Revenue

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 9 جولائی، 2025ء میں شائع ہوا]

ا

آرڈیننس نمبر ۷ مجریہ ۲۰۲۵ء

مجازی (Virtual) اثاثہ جات اور مجازی (Virtual) اثاثہ جات سروس کے فراہم کنندگان کے لائسنسنگ، ضابطہ، اور نگرانی کے لیے انضباطی اتھارٹی قائم کرنے، اور اس سے متعلقہ دیگر معاملات کا انتظام کرنے کے لیے آرڈیننس

ہرگاہ کہ، مجازی (Virtual) اثاثہ جات جدید مالیاتی ماحولی نظام کا ایک لازمی جز بن چکے ہیں، جو مجازی (Virtual) اثاثہ جات سروس کے فراہم کنندگان کے لائسنس، ضابطہ اور نگرانی کے لیے ایک مخصوص انضباطی اتھارٹی کا تقاضا کرتے ہیں تا کہ سرمایہ کاروں کے تحفظ، شفافیت، اور مارکیٹ کی سالمیت کو یقینی بنایا جاسکے؛

چونکہ، یہ نہایت ضروری ہے کہ ایک جامع قانونی فریم ورک قائم کیا جائے جو اتھارٹی کو تطہیر زر، دہشت گردی کی مالی معاونت، اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ذی اختیار کرے، تا کہ بین الاقوامی معیارات کے مطابق، شریعت سے ہم آہنگ مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی سروسز کی ذمہ دارانہ اختراع، مالیاتی شمولیت، معاشی نشوونما، اور ترقی کو فروغ دیا جاسکے؛

اور چونکہ، سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (ا) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

حصہ ایک: ابتدائیہ

۱۔ **مختصر عنوان، آغاز نفاذ اور اطلاق:۔** (۱) یہ آرڈیننس مجازی (Virtual) اثاثہ جات آرڈیننس، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان میں وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دائرہ اطلاق:۔** (۱) یہ آرڈیننس کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ جات سروس کے فراہم کنندگان پر، اور کسی بھی جاری کنندہ پر لاگو ہوگا جو پاکستان میں یا سے اپنی کاروباری سرگرمیاں انجام دیتا ہو۔

(۲) کسی ابہام سے گریز کرنے کے لیے، یہ آرڈیننس حسب ذیل پر لاگو نہیں ہوگا۔

(الف) قدر یا حقوق کی ڈیجیٹل شبیہات جو صرف جاری کنندہ کے بند ماحولی نظام کے اندر قابل انتقال یا قابل استعمال ہوں، بشمول:۔

(ایک) بند ماحولی نظام سے باہر نا قابل انتقال ہوں؛

(دو) بند ماحولی نظام سے باہر حقیقی دنیا کی اشیاء، سروسز، کٹوتیوں، خریداریوں کے ساتھ نا قابل تبادلہ ہوں؛

(تین) بند ماحولی نظام سے باہر ثانوی مارکیٹ میں نا قابل تجارت ہوں؛

(چار) دائری نظام سے باہر ثانوی مارکیٹ پر نا قابل فروخت ہوں؛

(پانچ) ادائیگی یا سرمایہ کاری کی اغراض کے لیے نا قابل استعمال ہوں؛ اور

(چھ) کاغذی کرنسی کے لیے نا قابل تبادلہ ہوں؛

وضاحت:۔ اس دفعہ کی اغراض کے لیے، ''بند ماحولی نظام'' ایک ڈیجیٹل ماحول یا پلیٹ فارم کا حوالہ دیتا ہے جس میں مجازی (Virtual) اثاثہ جات یا ٹوکنز خاص طور سے استعمال کنندگان، سروسز، یا ایپلیکیشنز کے ایک واضح اور محدود نیٹ ورک کے اندر جاری کیے جاتے ہیں، استعمال

ہوتے ہیں، اور واپس خریدے جاتے ہیں، اور اس ماحول سے باہر استعمال کے ارادے سے نہیں ہوتے ہیں۔

'' بند قوسی نظام'' ایک لین دین کے فریم ورک کا حوالہ جس میں ڈیجیٹل ٹوکنز یا قدری اکائیوں کا اجراء، گردش، اور ادائیگی مکمل طور پر ایک طے شدہ نیٹ ورک کے اندر ہو، بیرونی ادائیگی کے نظام، تبادلے، یا حقیقی دنیا کی اشیاء اور سروسز مارکیٹس کے ساتھ باہم چلائے بغیر ہوتی ہو۔

(ب) مالیاتی اثاثہ جات؛

(ج) بینک دولت پاکستان یا کسی دوسرے خودمختار ملک کے مرکزی بینک کی جانب سے جاری کردہ کاغذی کرنسیوں کی ڈیجیٹل تشبیہ؛

(د) ناقابل تبادلہ ٹوکن جسے ادائیگی، سرمایہ کاری یا کسی بھی دیگر مالیاتی اغراض کے لیے استعمال نہ کیا جاتا ہو؛

(ہ) ناقابل تبادلہ ٹوکن جو اس کے جاری کنندہ کی جانب سے دیئے گئے نام کی بجائے اس کی نوعیت اور کارمنصبی، ادائیگی یا سرمایہ کاری کی اغراض کے لیے استعمال نہ ہو، اور کسی بھی مالیاتی اثاثہ کی ڈیجیٹل شبیہ نہ ہو؛ یا

(و) قدر یا حقوق کی کوئی بھی دیگر ڈیجیٹل شبیہات نمائندگیاں جنہیں اتھارٹی کی جانب سے واضح طور پر مستثنیٰ قرار دیا گیا ہو۔

۳۔ <u>تعریفات:۔</u> (۱) اس آرڈیننس میں، تاوقتیکہ سیاق وسباق میں کچھ اور مطلوب نہ ہو۔۔

(ایک) ''اثاثہ حوالہ شدہ ٹوکن'' سے مجازی (Virtual) اثاثہ (یا اثاثہ جات کی ایک ٹوکری) مراد ہے جو مجازی (Virtual) اثاثہ کے علاوہ، کسی دوسرے اثاثہ کے حوالے سے مستحکم قدر کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہو، جس میں ایک یا زائد سرکاری کرنسیاں بھی شامل ہوسکتی ہیں، اور جن مادی یا غیر مادی اثاثہ جات کے ذریعے سے پشت پناہی کی جاسکتی ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ کسی بھی حوالہ جاتی اثاثہ کی کلاس کا استعمال ایسی حدود یا منظوریوں کے تابع ہوگا جیسا کہ اتھارٹی مشتہر کرے؛

(دو) ''اتھارٹی'' سے اس آرڈیننس کی دفعہ ۲ کے تحت قائم کردہ پاکستان مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی انضباطی اتھارٹی مراد ہے؛

(تین) ''بورڈ'' سے اس آرڈیننس کی دفعہ ۸ کے تحت تشکیل کردہ، اتھارٹی کا بورڈ مراد ہے؛

(چار) ''چیئر پرسن'' سے اس آرڈیننس کے احکامات کے مطابق تقرر کردہ، اتھارٹی کا چیئر پرسن مراد ہے؛

(پانچ) ''کنٹرولر'' سے کوئی شخص مراد ہے جو، تنہا یا دوسروں کے ساتھ مل کر، لائسنس یافتہ کے رائے دہی کا اختیار یا سرمایہ حصص کا ۲۰ فیصد یا زائد رکھتا ہو یا استعمال کرنے کا حق رکھتا ہو؛

(چھ) ''خریدار کے اثاثہ جات'' سے مجازی (Virtual) اثاثہ جات اور کاغذی کرنسی مراد ہے، جو کوئی مجازی (Virtual) اثاثہ جات سروس فراہم کنندہ کسی دوسرے شخص کی جانب سے اپنے پاس رکھتا ہو؛

(سات) ''متعلقہ ڈویژن'' سے کابینہ ڈویژن مراد ہے؛

(آٹھ) ''کاغذی حوالہ شدہ ٹوکن'' سے ایسا مجازی (Virtual) اثاثہ مراد ہے جو کسی ایک سرکاری کرنسی کے مقابل قدر کو مستحکم رکھنے کی کوشش کرے اور جاری کنندہ کی جانب سے مساوی قیمت پر قابل واپسی ہو؛

(نو) ''اعلیٰ معیاری سیال اثاثہ جات'' (HQLA) سے نقدی، بینک دولت پاکستان کے ساتھ عندالطلب امانتیں، اور بیسل سوم لیکویڈیٹی۔کوریج، ریشو کے فریم ورک کے تحت تسلیم شدہ دیگر لیول اول کے اثاثہ جات مراد ہیں جیسا کہ بینک دولت پاکستان کی جانب سے اپنائے گئے ہیں، بشرطیکہ ایسے اثاثہ جات بلا رکاوٹ، علیحدہ تحویل میں رکھے گئے ہوں، اور ایک کاروباری دن کے اندر نقدی کے لیے فروخت کیے جا سکتے ہوں؛

(دس) ''جاری کنندہ'' سے قانونی شخص مراد ہے جو کسی مجازی (Virtual) اثاثے کو بناتا ہو یا تخلیق کرتا ہو اور اس کی ابتدائی سپلائی، محفوظہ اثاثہ جات (اگر کوئی ہوں) یا سلسلہ گورننس پر بنیادی کنٹرول کو برقرار رکھتا ہو، اور ہولڈرز کی طرف سے اس آرڈیننس میں بیان کردہ ذمہ داریوں کو نبھاتا ہو۔

وضاحت:۔ کسی جاری کنندگان کو مجازی (Virtual) اثاثے کا فراہم کنندہ سمجھا جائے گا جب، وہ اجرا کے علاوہ، عوام یا فریقین سوم کو مجازی (Virtual) اثاثے کی تجارتی بنیاد پر پیشکش کرے۔

ابہام سے گریز کرنے کے لیے، کوئی شخص محض حسب ذیل وجوہات کی بنا پر جاری کنندہ نہیں سمجھا جائے گا:

(الف) مجازی (Virtual) اثاثے کی مارکیٹ کرے، اشتہار دے یا بصورت دیگر فروغ دے؛

(ب) ثانوی مارکیٹ میں تجارت، دلالی، تقسیم یا تبادلے کی سہولت دے؛ یا

(ج) تکنیکی ترقی یا دیکھ بھال کی سروسز فراہم کرے جو اجرا، ترسیل یا محفوظ اثاثہ جات پر کنٹرول نہ دیتی ہو۔

(گیارہ) ''ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثے کی پیشکش کرنا'' سے اس آرڈیننس کے تحت حدود اور مقتضیات کے انکشاف کے تابع، فنڈز یا دیگر مجازی (ورچوئل) اثاثہ جات یا تجارتی قدر کی کسی شے کے لیے تبادلے میں مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی عام پیشکش کے ذریعے جاری کنندہ کی جانب سے فنڈز بڑھانے کا طریقہ کار مراد ہے؛

(بارہ) ''کلیدی فرد'' سے کوئی بھی فطری شخص مراد ہے جو قبضہ رکھتا ہو یا انجام دیتا ہو خواہ لائسنس یافتہ کی نسبت سے حسب ذیل فہرست شدہ ایک یا زائد عہدوں پر کل وقتی، جزوی وقت، قائم مقام یا ٹھیکے کی بنیاد پر ہو:

(الف) کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ کے تحت رجسٹرشدہ ڈائریکٹر (ایگزیکٹو یا نان ایگزیکٹو)؛

(ب) چیف ایگزیکٹو افسر (یا مینیجنگ ڈائریکٹر)؛

(ج) چیف فنانشل افسر؛

(د) چیف آپریٹنگ افسر؛

(ہ) داخلی آڈٹ کا سربراہ؛

(و) تعمیلی سربراہ؛

(ز) تطہیر زر رپورٹنگ افسر (MLRO) یا انسداد تطہیر زر ایکٹ ۲۰۱۰ کے مطابق جاری کردہ AML / CFT ضوابط کے تحت نامزد کردہ مساوی CFT/AML تعمیلی افسر؛

(ح) رسک مینجمنٹ کا سربراہ؛

(ط) انفارمیشن سکیورٹی رسائبر سکیورٹی کا سربراہ؛ یا

(ی) کوئی بھی دیگر عہدہ جسے اتھارٹی، لائسنس یافتہ کو تحریراً اطلاع دے کہ اُسے کلیدی فرد قرار دے، اس بنیاد پر کہ ہولڈر لائسنس یافتہ کے کاروبار یا انتظام پر نمایاں اثر و رسوخ استعمال کرتا ہے۔

(تیرہ) ''لائسنس یافتہ'' سے وہ شخص مراد ہے جو اس آرڈیننس کے حصہ سوم کے تحت لائسنس رکھتا ہو؛

(چودہ) ''سرکاری کرنسی'' سے ملک کی سرکاری کرنسی مراد ہے جو اس کے مرکزی بینک یا دیگر مالیاتی اتھارٹی کی جانب سے جاری کی گئی ہو؛

(پندرہ) ''آرڈیننس'' سے مجازی (Virtual) اثاثہ جات آرڈیننس مراد ہے؛

(سولہ) ''شخص'' سے کوئی بھی فطری یا قانونی شخص مراد ہے؛

(سترہ) ''مقررہ'' سے اس آرڈیننس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی رو سے مقررہ مراد ہے؛

(اٹھارہ) ''ضوابط'' سے اس ایکٹ کے تحت مقررہ ضوابط مراد ہیں؛

(انیس) ''قواعد'' سے اس آرڈیننس کے تحت مقررہ قواعد مراد ہیں؛

(بیس) ''سکیورٹی ٹوکن'' سے مجازی (Virtual) اثاثہ مراد ہے جو حقوق یا مفادات کی نمائندگی کرتا ہو، اس کا ثبوت ہو یا عطا کرتا ہو جو کہ سکیورٹی کو تشکیل دیتا ہو جیسا کہ یہ مفہوم سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵ میں واضح کیا گیا ہے، خواہ مذکورہ حقوق تقسیمی بہی کھاتہ ٹیکنالوجی یا کسی بھی مماثل ڈیجیٹل انتظام کو استعمال کرتے ہوئے جاری کیے گئے ہوں، ریکارڈ کیے گئے ہوں، منتقل کیے گئے ہوں یا ذخیرہ کیے گئے ہوں؛

(اکیس) ''شریعہ مشاورتی کمیٹی'' سے شرعی معاملات پر مشورے کے لیے اتھارٹی کی جانب سے

تشکیل کردہ کمیٹی مراد ہے؛

(بائیس) ''مجازی (Virtual) اثاثہ'' سے قدر کی ڈیجیٹل شبیہ مراد ہے جو ڈیجیٹل طور پر تجارت یا منتقل ہو سکتی ہو اور ادائیگی کی غرض یا سرمایہ کاری کے لیے استعمال ہو سکتی ہو، لیکن اس میں کسی بھی دیگر قانون کے تحت منضبط شدہ کاغذی کرنسی کی ڈیجیٹل شبیہات، سکیورٹیز یا دیگر مالیاتی اثاثہ جات شامل نہیں ہوں گی۔

<u>ابہام سے گریز کرنے کے لیے، مجازی (Virtual) اثاثہ جات زر قانونی نہیں ہے؛</u>

(تیئس) ''اپیلیٹ ٹربیونل برائے مجازی (Virtual) اثاثہ جات'' سے اس آرڈیننس کے تحت تشکیل کردہ اپیلٹ ٹربیونل برائے مجازی (Virtual) اثاثہ جات مراد ہے؛

(چوبیس) ''مجازی (Virtual) اثاثے کی سروسز'' کا وہی معنی ہے جو اس آرڈیننس کی دفعہ ۱۴ میں اس کے لیے تفویض کیا گیا ہے؛ اور

(پچیس) ''مجازی (Virtual) اثاثہ کی سروس کا فراہم کنندہ'' سے کوئی بھی شخص مراد ہے جو ایک کاروبار کے طور پر، پیشہ ورانہ بنیاد پر فریقین سوم کو ایک یا زائد مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی سروسز فراہم کرتا ہو۔ جو کہ ایسی مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی سروسز فراہم کرنے کے لیے لائسنس یافتہ ہو جیسا کہ اس آرڈیننس میں فراہم کیا گیا ہے۔

(۲) الفاظ اور عبارتیں جو استعمال کی گئی ہیں لیکن اس آرڈیننس میں واضح نہیں کی گئی ہیں اور بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵٦، سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵، انسداد تطہیر زر ایکٹ، ۲۰۱۰ یا کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ میں واضح کی گئی ہیں تو، اس میں ان کے بالترتیب تفویض کردہ وہی معنی ہوں گے۔

۴۔ <u>**علاقائی دائرہ اختیار سے باہر اطلاق:۔**</u> (۱) اس آرڈیننس کے تحت تحقیق اور نفاذ کی اغراض کے لیے، اتھارٹی علاقائی دائرہ اختیار سے باہر اپنے اختیارات کا استعمال مکمل طور پر قانون کی اجازت کے مطابق کرے گی۔

(۲) اس دفعہ کے نفاذ کو سہولت دینے اور سرحد پار مضمرات کے ساتھ مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی سروسز کے موثر ضابطے کے لیے، اتھارٹی باہمی معاونت، معلومات کے تبادلے، اور فیصلہ جات کے اعتراف اور ان پر عملدرآمد کے لیے دیگر دائرہ اختیار میں انضباطی اتھارٹیز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ معاہدات یا انتظامات میں شریک ہو سکے گی، اور، ضوابط کی رو سے شرائط تجویز کرے گی جس کے تحت پاکستان سے باہر چلائی جانے والی مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی سروس یا پاکستان میں اشخاص کو پیشکش کیے جانے یا مارکیٹ کرنے کے لیے تصور کی جائیں گی یا نہیں کی جائیں گی۔

(۳) اتھارٹی اپنے علاقائی دائرہ اختیار سے باہر نفاذی طریقہ ہائے کار کو باہمی قانونی معاونتی سمجھوتوں اور بین الاقوامی تعاون کے فریم ورکس، بشمول جن میں فنانشل ایکشن ٹاسک فورس اور آئی او ایس سی او (IOSCO) کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوشش کرے گی۔

۵۔ **دیگر قوانین کے ساتھ تعلق:۔** (۱) اس آرڈیننس کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے علاوہ ہیں، اور اس سے متصادم نہیں ہیں۔

(۲) فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ، ۱۹۴۷ء کے سوا، اس آرڈیننس کے احکامات اور کسی بھی دیگر قانون کے مابین کوئی بھی عدم یکسانیت ہونے کی صورت میں، اس آرڈیننس کے احکامات ذیلی دفعات (۳) اور (۴) کے مطابق، عدم یکسانیت کی حد تک غالب ہوں گے۔

(۳) جہاں کوئی بھی قانون شہریوں کے ڈیٹا کے حقوق اور سائبر سکیورٹی کے تحفظ کے لیے اقدامات تجویز کرتا ہو تو، ایسے احکامات کا غالب اثر ہو گا اور اس آرڈیننس پر عمل درآمد کرتے ہوئے اس کی تعمیل لازمی ہو گی۔

(۴) ایسی صورتوں میں جہاں موجودہ قوانین کے ساتھ تضادات کی نشاندہی کی جائے تو، اتھارٹی مشاورت کے ذریعے تضاد تک پہنچنے اور تصفیہ کرنے کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز اور متعلقہ انضباطی ہیتوں کو شامل کرتے ہوئے مشاورتی عمل شروع کرے گی۔ جہاں تضاد باقی رہے تو، اتھارٹی تصفیہ کرنے کے لیے ضروری سفارشات یا ہدایات جاری کر سکے گی یا حکومت کو قانون میں ترامیم تجویز کر سکے گی۔

حصہ دو: پاکستان مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی انضباطی اتھارٹی

۶۔ **اتھارٹی کا قیام:۔** (۱) وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، اتھارٹی قائم کرے گی جو اس آرڈیننس کی اغراض کی بجا آوری کے لیے پاکستان مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی انضباطی اتھارٹی کے نام سے موسوم ہوگی۔

(۲) اتھارٹی ایک ہیئت جسدیہ ہوگی، جو دوامی جانشینی اور مہر عام کی حامل ہوگی اور اس کے اپنے نام پر مقدمہ چلایا جا سکے گا اور مقدمہ کیا جا سکے گا۔

(۳) اتھارٹی اس آرڈیننس اور وفاقی حکومت کی جانب سے غالب قومی مفاد اور پالیسی کے معاملات پر تحریری طور پر جاری کردہ کسی بھی ایسی ہدایات کے تابع اپنے کارہائے منصبی انجام دینے اور اپنے اختیارات استعمال کرنے میں خودمختار ہوگی۔

(۴) اتھارٹی کا صدر مقام اسلام آباد میں ہوگا اور وہ وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری سے ملک بھر میں اتنے دفاتر ملک قائم کر سکے گی جیسا کہ، جب اور جہاں درکار ہوں۔

۷۔ **گورننس، بورڈ، چیئرپرسن اور عملہ:۔** (۱) اتھارٹی بورڈ کی جانب سے چلائی جائے گی جو حسب ذیل پر مشتمل ہوگی:۔

(الف) چیئرپرسن جو مالیات، قانون، ٹیکنالوجی، یا انضباطی امور میں نمایاں مہارت کا حامل ہوگا اور وفاقی حکومت کی جانب سے مقررہ طریقہ کار میں تقرر کیا جائے گا؛

(ب) گورنر، بینک دولت پاکستان؛

(ج) سیکرٹری، وزارت خزانہ؛

(د) سیکرٹری، وزارت قانون و انصاف؛

(ہ) سیکرٹری، وزارت اطلاعات، ٹیکنالوجی اور ٹیلی مواصلات؛

(و) چیئرپرسن، سکیورٹیز و ایکسچینج کمیشن پاکستان؛

(ز) چیئرپرسن ڈیجیٹل پاکستان اتھارٹی؛

(ح) چیئرپرسن ایف بی آر

(ط) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے؛اور

(ی) دو آزاد ڈائریکٹرز جو ثابت شدہ مہارت اور مضبوط ٹریک ریکارڈ رکھتے ہوں، جو مجازی (Virtual) اثاثہ کی مارکیٹس، ٹیکنالوجی، مالیت، قانون یا تحفظ صارف میں متعلقہ مہارت رکھتے ہوں، جنہیں وفاقی حکومت کی جانب سے مقررہ طریقہ کار میں تقرر کیا گیا ہو۔

(۲) بربنائے عہدہ اراکین کے علاوہ، بورڈ اراکین تین سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوں گے اور تین سال کی ایک مزید مدت کے لیے اہل ہوں گے۔

(۳) بورڈ اتھارٹی کی پالیسی اور کلیدی ہدایت کا تعین کرے گا اور اس کے بجٹ اور ضوابط کو منظور کرے گا۔

(۴) چیئرپرسن اتھارٹی کے روزمرہ آپریشنز کا انتظام کرنے کے لیے ذمہ دار ہوگا۔

(۵) اتھارٹی ایسے افسران، ماہرین اور عملہ کو بھرتی کر سکے گی جیسا کہ وہ اپنے کارہائے منصبی کو موثر انجام دینے کے لیے ضروری سمجھے، ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ وہ تعین کرے۔

۸۔ **اتھارٹی کا طریقہ ہائے کار:۔** (۱) اتھارٹی چیئرپرسن کی درخواست پر یا کم از کم اراکین کے پچاس فیصد کی درخواست پر کسی بھی وقت اجلاس کر سکے گی، بشرطیکہ تاہم، اتھارٹی ایک سال میں کم از کم دوبارہ اجلاس کرے گی۔

(۲) اتھارٹی کے اجلاس کا کورم کل رکنیت کا پچاس فیصد ہوگا۔

(۳) اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت چیئرپرسن کی جانب سے کی جائے گی۔ چیئرپرسن کی غیرموجودگی میں، چیئرپرسن کی جانب سے نامزد کردہ رکن اجلاس کی صدارت کرے گا۔ اجلاس کے لیے بربنائے عہدہ رکن کی عدم دستیابی کی صورت میں، اس کا رکی نامزد کردہ شخص اجلاس میں شرکت کر سکے گا۔

(۴) اجلاس میں تمام فیصلہ جات موجود اراکین کی اکثریت سے کیے جائیں گے۔ چیئرپرسن یا اجلاس کی صدارت کرنے والا رکن، جیسی بھی صورت ہو، دوسرا ووٹ نہیں دے گا۔

(۵) اتھارٹی کا کوئی فعل یا کارروائی محض اتھارٹی کی تشکیل میں نقص یا اس میں خالی آسامی کی موجودگی کی بناء پر ناجائز نہیں ہوگی۔

(۶) اتھارٹی اتنی کمیٹیاں تشکیل دے سکے گی جیسا کہ اس آرڈیننس کے تحت اپنے کارہائے منصبی کوانجام دینے کے لیے ضروری سمجھے۔

۹۔ اتھارٹی کی اغراض، کارہائے منصبی اوراختیارات:۔ اتھارٹی:۔

(الف) اس آرڈیننس کے احکامات اور اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی قواعد یا ضوابط کی مطابقت میں مجازی (Virtual) اثاثہ جات کے سروس فراہم کنندگان کو لائسنس دے گی، منضبط کرے گی اور اس کی نگرانی کرے گی؛

(ب) مناسب حفاظتی اقدامات اور کاروباری شرائط کی عملدرآمد کے ذریعے مجازی (Virtual) اثاثہ جات کا کاروبار کرنے والے صارفین اور سرمایہ کاروں کی حفاظت کرنا؛

(ج) سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور مجازی (Virtual) اثاثہ جات کے شعبوں میں کام کرنے والی کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کرنا تا کہ وہ پاکستان میں اپنے کاروبار کی بنیاد رکھیں؛

(د) مجازی (Virtual) سروس فراہم کنندگان کے ذریعے ڈیٹا کے تحفظ اور سائبر سکیورٹی قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانا؛

(ہ) مجازی (Virtual) سروس فراہم کنندگان کو منضبط کرنے، ان کی نگرانی اور دیکھ بھال کے لیے مطلوب ضوابط، قواعد اور رہنما اصول مرتب کرنا؛

(و) بنیادی نظام کے اندر قابل بھروسہ جدت اور مالی شمولیت کے عمل کو فروغ دینا جو خطرات کے معاملات کو نبٹانے اور مارکیٹ کی سالمیت کو برقرار رکھنا؛

(ز) اس آرڈیننس کی اغراض کے لیے، کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ سروس، سرگرمی، پیشکش، جاری کنندہ، یا سروس فراہم کنندہ کو اس کی بنیادی خصوصیات، بنیادی کام، استعمال کے طریقہ کار، یا معاشی اثر کی بنیاد پر، اس کو تفویض کردہ نام، ساخت، یا عہدے سے قطع نظر اس کا اندازہ، تعین اور درجہ بندی کرنا۔ ایسی درجہ بندی میں، لیکن یہ اس حد تک محدود نہیں، اس امر کا تعین شامل ہوگا کہ، کیا کوئی اثاثہ ایک مجازی (Virtual) اثاثہ ہے، آیا کہ کیا کوئی شخص بطور مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ اہل ہے، یا کیا پیشکش اس آرڈیننس کے دائرہ کار میں مالی سرگرمی کو وجود دیتی ہے؛ اور

(ح) انسداد تطہیر زر (منی لانڈرنگ) ایکٹ، ۲۰۱۰، اور دیگر قابل اطلاق قوانین اور بین الاقوامی معیارات کی مطابقت میں، متعلقہ حکام کے ساتھ تعاون سے انسداد تطہیر زر، دہشت گردوں کی مالی معاونت اور مجازی (Virtual) اثاثہ جات سے منسلک دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کا سدباب کرنا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی اغراض کے لیے، اور مذکورہ بالا کی عمومیت سے متناقص ہوئے بغیر، اتھارٹی حسب ذیل امور انجام دے سکے گی۔۔

(الف) اس آرڈیننس کے تحت لائسنسوں اور منظوریوں کا اجرا، انکو تبدیل، معطل یا منسوخ کر سکے گی اور ایسے اقدامات کے لیے شرائط مرتب کر سکے گی؛

(ب) ضوابط، قواعد، دستی کتابچے اور رہنما اصول وضع کر سکے گی جو اس آرڈیننس اور دیگر قابل اطلاق قوانین کی اغراض سے ہم آہنگ ہوں گے؛

(ج) اس آرڈیننس اور متعلقہ قوانین وضوابط کی تعمیل کے امر کو یقینی بنانے کے لیے لائسنس دہندگان اور دیگر اداروں کا بر محل معائنہ اور بے محل نگرانی کر سکے گی؛

(د) لائسنس دہندگان کو حکم دے سکے گی کہ وہ معلومات، دستاویزات اور ڈیٹا کو مناسب طریقے سے اور ضوابط کی رو سے مقرر کردہ وقت کے اندر فراہم کریں؛

(ہ) اس آرڈیننس کے احکامات اور اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی قاعدے یا ضابطے کی مطابقت میں انتظامی پابندیاں عائد کر سکے گی اور کسی بھی قابل اطلاق قانون میں فراہم کردہ دیوانی یا فوجداری چارہ جوئی کے لیے عدالت میں درخواست دائر کر سکے گی؛

(و) احتیاطی طرز عمل اور تکنیکی معیارات مقرر کر سکے گی؛

(ز) ایک انضباطی نظام چلا سکے گی اور شفاف وجوابدہ طریقے سے بلا کارروائی داد رسی کر سکے گی؛

(ح) ملکی اور غیر ملکی ضابطہ کاروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون یا باہمی اشتراک کے سمجھوتے کر سکے گی تاکہ معلومات کے تبادلے اور مربوط کارروائی، بشمول ضوابط اور لائسنز کی باہمی شناخت، کی سہولت فراہم کی جاسکے؛

(ط) قواعد کی رو سے مقررہ ایسی فیس، چارجز اور جرمانے عائد کر سکے گی؛

(ی) مجازی (Virtual) اثاثہ سرگرمیوں کے لیے سائبر سکیورٹی، ڈیٹا پروٹیکشن، رسک مینجمنٹ، اور تکنیکی تحفظات سے متعلقہ معیارات کو قائم اور نافذ کر سکے گی، اور مجازی (Virtual) اثاثہ باہمی تعامل کے نظام میں باخبر شمولیت کو فروغ دینے کے لیے عوامی آگاہی اور تعلیم کے اقدامات کا انعقاد کر سکے گی؛ اور

(ک) اس آرڈیننس اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے تحت اپنے کارہائے منصبی کی تعمیل اور اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ایسی تمام کارروائیاں کر سکے گی جو ضروری یا ضمنی ہوں؛

(۲) اتھارٹی اپنی کسی بھی اختیار اور کارہائے منصبی، اتھارٹی کے چیئر پرسن کو ایسی شرائط وضوابط کے ساتھ، جیسا کہ وہ مناسب متصور کرے، تفویض کر سکے گی۔

۱۰۔ **ضابطہ اخلاق:۔** (۱) چیئر پرسن، اراکین بورڈ اور تمام ملازمین حسب ذیل امور انجام دیں گے:۔

(الف) اپنے عہدے پر فائز ہونے اور اس کے دوران، ایسی ہیئت اور اتنی مدت میں جیسا کہ اتھارٹی مقرر کرے، حسب ذیل معاملات کو ظاہر کریں گے:

(اول) کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کا نام اور اس کا دائرہ کار جس کے ساتھ وہ شخص اکاؤنٹ رکھتا ہے یا اسے کنٹرول کرتا ہے یا اس کے کاروباری لین دین میں شامل ہے؛

(دوم) سروس یا تعلق کی قسم (مثلاً، تجارتی اکاؤنٹ، نگران کاری، اسٹیکنگ (انعامی رقم))؛

(سوم) کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثے کا مجموعی حساب کتاب رکھیں یا کنٹرول کریں گے، جہاں مساوی قدر 10,000 امریکی ڈالر کی مالیت کی حد سے زیادہ یا اس کے مساوی ہو، خواہ وہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کے پاس ہو یا ذاتی نگران کاری میں ہو؛ اور

(چہارم) مجازی (Virtual) اثاثہ جات یا سروس فراہم کنندگان سے متعلق کسی بھی دیگر معلومات یا مفاد کو ظاہر کریں گے جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً

صراحت کی جائے۔

(ب) وہ اپنے سرکاری عہدوں کی بدولت اپنے اختیار میں لی گئی یا حاصل کردہ کسی بھی معلومات اور ڈیٹا کو صغیہ راز میں رکھیں گے۔

(ج) اتھارٹی کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر، کسی بھی شخص یا ادارے کو کوئی بھی معلومات یا ڈیٹا منتقل، ترسیل، افشا، ظاہر یا حوالے نہیں کریں گے، اور نہ ہی اتھارٹی، مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندگان، صارفین، یا تجارتی لین دین سے متعلق کسی بھی خفیہ دستاویزات یا کاغذات کو اپنے پاس رکھے گی گے، جو ان کے علم یا تحویل میں ان کی سرکاری حیثیت کی وجہ سے آیا ہو۔

وضاحت کے لیے، یہاں بیان کردہ رازداری، ذمہ داری، اتھارٹی کے ساتھ چیئر پرسن، اراکین بورڈ اور اتھارٹی کے تمام ملازمین کی ملازمت ختم ہونے کے بعد بھی بدستور واجب التعمیل ہوگی۔

(۲) چیئر پرسن اور اراکین بورڈ، اپنے کارہائے منصبی کی ادائیگی اور اپنے اختیارات کے استعمال میں، نیک نیتی سے کام کریں گے اور مفادات کے کسی بھی تصادم، خواہ وہ بلاواسطہ ہو یا بالواسطہ، سے بچنے کے لیے مناسب احتیاط سے کام لیں گے، اور مجازی (Virtual) اثاثہ مارکیٹ میں اتھارٹی اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے اپنے قانونی فرائض منصبی کی تعمیل کریں گے۔ اتھارٹی اپنے چیئر پرسن اور بورڈ اراکین کے مفادات کے تصادم کی پالیسی کو قائم رکھنے کے لیے ضوابط مقرر کرے گی۔

۱۱۔ **بجٹ، فنانس اور آڈٹ:۔** (۱) اتھارٹی، ہر مالی سال کی نسبت، قواعد کی رو سے مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنا بجٹ تیار کرے گی اور منظوری کے لیے بورڈ کو پیش کرے گی۔

(۲) بجٹ گوشوارہ بالخصوص تخمینہ جاتی وصولیوں اور اخراجات اور آنے والے مالی سال کے دوران وفاقی حکومت سے مطلوب رقوم کا ذکر کرے گا۔

(۳) اتھارٹی اپنی وصولیوں اور اخراجات کے کھاتوں کا مکمل حسابات کتب رکھے گی۔

(۴) ہر مالی سال کے اختتام پر، اتھارٹی کے کھاتوں کا آڈیٹر جنرل پاکستان یا اس کی جانب سے نامزد کردہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی فرم کے ذریعے آڈٹ کیا جائے گا۔

(۵) اتھارٹی ایسے کھاتہ جات، کتب حسابات اور دستاویزات تیار کرے گی اور ایسی وضاحتیں اور معلومات فراہم کرے گی جو خارجی آڈیٹرز یا آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے آڈٹ کی غرض کے لیے آڈیٹرز کو درکار ہوں۔

(۶) اتھارٹی آڈیٹرز کو سہولت مہیا کرے گی، تمام ضروری کھاتہ جات، کتب حسابات، دستاویزات، اور خارجی آڈیٹرز یا آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے آڈٹ کے لیے درکار وضاحتوں تک رسائی فراہم کرے گی۔

(۷) کھاتہ جات پر آڈیٹرز کی رپورٹ کی نقول اتھارٹی اور بورڈ کو فراہم کی جائیں گی۔

۱۲۔ <u>اداروں کے مابین تعاون اور معلومات کا تبادلہ:۔</u> (۱) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اور مجازی اثاثہ سروس فراہم کنندگان کے موثر ضابطے اور نگرانی کے امر کو یقینی بنانے اور ان کے غیر قانونی اغراض کے غلط استعمال کو روکنے کے مقصد کے لیے، اتھارٹی، بینک دولت پاکستان، سکیورٹیز و ایکسچینج کمیشن پاکستان، وفاقی تحقیقاتی ادارہ، وفاقی بورڈ برائے محصولات، مالی نگرانی یونٹ اور پاکستان میں کسی بھی دیگر مجاز انضباطی یا قانون نافذ کرنے والے ادارے کے ساتھ بروقت اور محفوظ بنیادوں پر نگرانی اور نفاذ معلومات کا اشتراک کرے گی۔

(۲) اتھارٹی، وفاقی حکومت کی پیشگی منظوری کے ساتھ، مجازی (Virtual) اثاثہ جات اور مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندگان سے متعلق سرحد پار نگرانی اور نفاذ میں سہولت فراہم کرنے کے لیے، غیر ملکی دائرہ اختیار میں انضباطی اتھارٹیز یا اس طرح کے اداروں کے ساتھ تعاون کے سمجھوتے اور معلومات کے تبادلے کر سکے گی۔

(۳) اتھارٹی متعلقہ ملکی انضباطی اداروں کے نمائندوں پر مشتمل ایک انضباطی ربط دہی کمیٹی قائم کرے گی جس میں بینک دولت پاکستان، سکیورٹیز و ایکسچینج کمیشن، مالی نگرانی یونٹ، وفاقی بورڈ برائے محصولات، پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی، اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن، نیز کوئی بھی دوسرا ادارہ یا اتھارٹی، جیسا کہ اتھارٹی مناسب متصور کرے، لیکن یہ ان تک محدود نہیں، شامل ہوں گے۔ کمیٹی پالیسی کے معاملات کو مربوط کرنے، انضباطی نقطہ نظر کو زیادہ کارگزار بنانے، انتظامی خطرات سے نمٹنے، اور نگرانی، نفاذ اور اختراع پر ایجنسی کے درمیان تعاون کو سہل کرنے کے لیے ایک مستقل فورم کے طور پر کام کرے گی۔

حصہ تین۔ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندگان کو لائسنس کا اجرا

۱۳۔ بلا لائسنس سروس کی ممانعت:۔ (۱) کوئی بھی شخص بطور کاروبار، پاکستان میں یا اس سے کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ سروس، کے لین دین میں حصہ نہیں لے سکے گا یا اس میں شراکت دار ہونے کی نمائندگی نہیں کرے گا، تاوقتیکہ وہ شخص۔۔

(الف) ایک کمپنی ہو جو کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ یا پاکستان میں فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون کے تحت، جو کمپنیات کی تشکیل کے عمل کو متعین کرتی ہو، تشکیل دی گئی ہو۔

(ب) اس آرڈیننس کے تحت اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ ایک قانونی لائسنس رکھتا ہو۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی خلاف ورزی اس آرڈیننس کی دفعہ ۵۰ کے تحت قابل سزا جرم کی تشکیل کرے گی۔

۱۴۔ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کے زمرہ جات:۔ (۱) حسب ذیل مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کی تشکیل کرتے ہیں اور اس آرڈیننس کے تحت اجرا لائسنس اور ضابطے کے تابع ہوں گے:

(الف) تمام سروسز جیسا کہ جدول 1 میں بیان کیا گیا ہے؛ اور

(ب) کوئی بھی دیگر سروس جیسا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے مشتہر کیا جائے اور بعد ازاں اس آرڈیننس کے جدول 1 میں شامل کیا جائے۔

۱۵۔ درخواست برائے لائسنس:۔ (۱) کوئی بھی شخص جو کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون جو کمپنیات کی تشکیل کو کنٹرول کرتا ہو کے تحت، اس آرڈیننس میں بیان کردہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس سے منسلک ہونے کے بنیادی مقصد کے ساتھ، کمپنی کی تشکیل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو، ایسی تشکیل کے عمل کی شروعات سے قبل سب سے پہلے اتھارٹی کو ابتدائی منظوری یا عدم اعتراض سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت ابتدائی منظوری یا عدم اعتراض سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست ایسی ہیئت میں دی جائے گی اور وہ ایسی معلومات اور فیس، جیسا کہ اتھارٹی مقرر کرے، کے ہمراہ ہوگی۔ ایسی معلومات میں کنٹرولرز اور کلیدی افراد کی مجوزہ تفصیلات، ایک اعلیٰ سطحی کاروباری تصور، اور موزونیت اور مناسب ہونے سے متعلق ابتدائی

بیانات، لیکن یہ ان تک محدود نہیں، شامل ہوں گے۔

(۳) اتھارٹی، ابتدائی منظوری یا عدم اعتراض سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست کا جائزہ لینے پر، اس آرڈیننس کی اغراض اور مجازی (Virtual) اثاثہ مارکیٹ کی سالمیت کو یقینی بنانے کے امر کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے، کسی بھی شرائط کے تابع منظوری یا سرٹیفکیٹ عطاء کرے گی، یا درخواست کو، انکار کرنے کی تحریری وجوہات فراہم کرتے ہوئے، مسترد کرے گی۔

(۴) لائسنس کے لیے، ابتدائی منظوری حاصل کرنے کے بعد کامیاب تشکیل کے بعد ازاں، اتھارٹی کو مقررہ طریقہ کار میں درخواست دی جائے گی جو حسب ذیل کے ہمراہ ہوگی:۔

(الف) مقررہ فیس، جو کہ نا قابل واپسی ہوگی تاوقتیکہ اتھارٹی کی جانب سے کسی دیگر صورت میں تعین نہ کر دیا جائے؛

(ب) قانونی دستاویزات اور درخواست دہندہ کی ملکیت کے ڈھانچے کی تفصیلات اس میں حتمی فائدہ لینے والے مالکان، اور اس کے گروپ کا بنیادی ڈھانچہ، جیسا کہ قابل اطلاق ہو۔

(ج) ایک مربوط کاروباری منصوبہ، جس میں مجوزہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس، خطرات کا انصرامی نظام، تعمیلی طریقہ کار اور سائبر سکیورٹی کی تفصیل شامل ہو۔

(د) کنٹرولرز، ڈائریکٹرز اور کلیدی اشخاص کی تفصیلات جن میں ان کی اہلیت، تجربہ اور موزونیت اور نیک نیتی کے اقرارنامے مقررہ طریقہ کار میں شامل ہوں گے؛ اور

(ہ) ایسی دیگر معلومات یا دستاویزات جیسا کہ اتھارٹی صراحت کرے۔

(۵) اتھارٹی، سات ایام کار کے اندر، ذیلی دفعہ (۴) کے تحت مکمل درخواست کی وصولی رسید دے گی۔

(۶) مذکورہ بالا کی عمومیت کے باوجود، جہاں اس حصے کے تحت لائسنس کے لیے درخواست دہندہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس سے منسلک ہونے کا ارادہ رکھتا ہو جس میں سکیورٹی ٹوکنز شامل ہوں تو، اتھارٹی:

(الف) درخواست دہندہ سے سکیورٹی ایکٹ، ۲۰۱۵، اور سکیورٹیز و ایکسچینج کمیشن پاکستان کے جاری کردہ ضوابط کی تمام قابل اطلاق احکامات کی تعمیل پر عمل کرنے کا حکم دے گی؛ اور

(ب) درخواست سے متعلق سکیورٹیز و ایکسچینج کمیشن کے ساتھ متعلقہ معلومات کے تبادلے کا حکم دے گی۔

۱۶۔ کنٹرولرز اور کلیدی اشخاص کے لیے موزوں اور مناسب معیار:۔

(۱) اتھارٹی، حسب ذیل امور کو مدنظر رکھتے ہوئے، اس امر کا تعین کرے گی کہ آیا ہر کنٹرولر، ڈائریکٹر اور کلیدی شخص موزوں اور مناسب ہے۔۔

(الف) اس شخص کی ایمانداری، دیانت داری اور ساکھ، اس کی دھوکہ دہی یا بے ایمانی جرائم کے لیے سزاؤں کے گزشتہ واقعات، یا انضباطی اداروں کی طرف سے کوئی بھی، خواہ پاکستان میں یا کہیں اور اس کے خلاف فیصلہ؛

(ب) اس شخص کی مالی حالت، مالی ادائیگیوں کی تاریخ، اور دیوالیہ پن کا یا اس کے خلاف اہم مالی فیصلوں کا کوئی بھی تذکرہ؛

(ج) اس شخص کی استعداد اور صلاحیت، اس میں مجازی (Virtual) اثاثہ جات، مالی سروسز، ٹیکنالوجی، قانون، یا کاروباری انتظام جو ادارے کے اندر اس کے مجوزہ کردار اور ذمے داریوں کے مطابق ہو۔

(د) مفادات کا کوئی ممکنہ تصادم جو اس شخص کا ہو سکتا ہو، اور مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ اور اس کے صارفین کے طور پر لائسنس یافتہ ادارے کے بہترین مفاد میں آزادانہ فیصلہ کرنے کی اس کی صلاحیت؛ اور

(ہ) کوئی بھی دیگر مقرر کردہ معیار۔

(۲) اتھارٹی لائسنس صادر کرنے سے انکار کر سکے گی یا موجودہ لائسنس کو معطل یا منسوخ کر سکے گی، اگر کوئی بھی کنٹرولر، ڈائریکٹر یا کلیدی شخص اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ اور متعلقہ معیار کی تکمیل کرنے میں ناکام ہو جائے۔

(۳) جہاں کنٹرولر، بطور ضامن اور اہم شراکت دار ہونے کی بنا پر، ہیئت جسدیہ ہو تو، تو ذیلی دفعہ (۱) میں بیان کردہ عوامل کے علاوہ، اتھارٹی مذکورہ ہیئت جسدیہ کے کاروباری رویے کے ساتھ ضامن اور حتمی فائدہ لینے والے مذکورہ ہیئت جسدیہ کے مالکان دونوں کی سالمیت اور سابقہ طرز عمل پر بھی غور کرے گی۔

(۴) موزوں اور مناسب معیار قانون فطرت میں دائمی ہیں، اور ان معیارات کے تابع اشخاص کی مستقل ذمے داری ہوگی کہ وہ وقتاً فوقتاً اتھارٹی کے روبرو کوئی بھی ایسی معلومات ظاہر کریں جو ان کی موزونیت اور حق ملکیت کو متاثر کر سکتی ہو۔

(۵) ہر لائسنس یافتہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کا:

(الف) رجسٹرڈ دفتر کے ذریعے پاکستان میں حقیقی پتہ ہوگا؛ اور

(ب) اس امر کو یقینی بنائے گا کہ کم از کم ایک اہم انتظامی عملے کا شخص پاکستان میں بالعموم موجود ہو اور جسے آپریشنل ذمہ داریوں اور فیصلہ سازی کا اختیار تفویض کیا گیا ہو۔

۱۷۔ **لائسنس کی منظوری، انکار اور مدت:** (۱) اتھارٹی، اس آرڈیننس کے احکامات اور اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی قاعدے یا ضوابط کے مطابق، مکمل درخواست وصول ہونے کے نوے ایام کے اندر۔۔

(الف) ایسی شرائط و قیود، جیسا کہ وہ مناسب متصور کرے، کے مطابق لائسنس جاری کرے گی؛ یا

(ب) درخواست دہندہ کو اس انکار کی تحریری وجوہات فراہم کرتے ہوئے درخواست کو مسترد کردے گی۔

(۲) اس آرڈیننس کے تحت جاری کردہ لائسنس مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کی وضاحت کرے گا جو لائسنس یافتہ کو کرنے کا اختیار ہوگا اور وہ اس وقت تک موثر ہوگا جب تک کہ اسے معطل یا منسوخ نہ کردیا جائے۔

۱۸۔ **لائسنس یافتگان کی جاری ذمے داریاں:۔** (۱) لائسنس یافتہ، ہمہ وقت۔۔

(الف) مقررہ کم از کم ادا شدہ سرمائے اور سرمائے کے مناسب تناسب کو قائم رکھے گا جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کیا جائے؛

(ب) اس آرڈیننس اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے احکامات اور اتھارٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ضوابط، قواعد، رہنما اصول اور ہدایات کی تعمیل کرے گا۔

(ج) معیاری گوشوارے اور آڈٹ شدہ مالی حسابات، جو مطلوب ہوں، جمع کروائے گا؛

(د) کسی بھی زیر نگرانی یا کاروباری حالات میں اہم تبدیلی کے لیے فوری طور پر اتھارٹی کی منظوری طلب کرے گا، اور ضوابط کی رو سے صراحت کردہ حدود اور طریقہ کار پر عمل کرے گا؛ اور

(ہ) مناسب انصرام خطرات، تعمیل، اور سائبر سکیورٹی سسٹمز کو برقرار رکھے گا؛ اور

(و) سالانہ مقررہ نگرانی فیس کی ادائیگی کرے گا۔

۱۹۔ لائسنس کی تبدیلی، معطلی اور منسوخی:۔ (۱) اتھارٹی، تحریری نوٹس اور ذاتی شنوائی کا موقع فراہم کرنے کے بعد، لائسنس کو تبدیل، معطل یا منسوخ کر سکے گی، اگر اس کو معلوم ہو کہ۔۔۔

(الف) لائسنس یافتہ نے اس آرڈیننس یا کسی دیگر قابل اطلاق قوانین کے احکامات یا اپنے لائسنس کی کسی بھی شرائط یا قیود کی خلاف ورزی کی ہے؛

(ب) لائسنس یافتہ دیوالیہ ہو گیا ہے یا مزید موزوں اور مناسب معیار پر پورا نہیں اُترتا؛

(ج) لائسنس یافتہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس، کو جس کے لیے لائسنس دیا گیا تھا، لائسنس یافتہ نے وہ کام کرنا چھوڑ دیا ہے؛ یا

(د) ایسا عمل جو عوامی مفاد میں ضروری یا مناسب ہو، اس میں تحفظ صارفین، مارکیٹ کی سالمیت، یا مالی استحکام شامل ہے؛

(ہ) لائسنس دھوکہ دہی، غلط بیانی، یا اہم حقائق کو چھپا کر حاصل کیا گیا ہے۔

(۲) جہاں لائسنس اس دفعہ کے تحت منسوخ کیا جاتا ہے تو، لائسنس یافتہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کی فراہمی فوری طور پر روک دے گا، اور اتھارٹی کمپنیات ایکٹ، ۲۰۱۷ اور اس آرڈیننس کے تحت صراحت کردہ کسی بھی ضابطے کے مطابق اُس کی بندش یا تحلیل کا عمل شروع کرنے کے لیے سیکیورٹی و ایکسچینج کمیشن کو مطلع کرے گی۔

(۳) اتھارٹی، بذریعہ ضوابط، اس دفعہ کے تحت تبدیلی، معطلی یا منسوخی کے لیے مزید طریقہ کار، مقررہ وقت، اور محفوظ اقدامات کا تعین کر سکے گی۔

۲۰۔ لائسنس یافتہ اشخاص کا رجسٹر:۔ (۱) اتھارٹی لائسنس یافتگان کے ریکارڈ رجسٹر کو برقرار رکھے گی اور اس کے اپ ڈیٹ ریکارڈ کو شائع کرے گی۔

(۲) رجسٹر، میں ہر لائسنس یافتہ کا کم از کم نام، لائسنس نمبر، اجازت نامہ مقصد اور موجودہ حیثیت شامل ہو گی۔

حصہ چار:۔ احتیاط، تحفظ اور تحویل میں رکھنے کی شرائط

۲۱۔ صارف کے اثاثوں کی علیحدگی اور امانتی فرائض منصبی:۔

(۱) لائسنس یافتہ، ہمہ وقت، صارف کے اثاثہ جات کو علیحدہ کھاتہ جات میں رکھے گا، جو لائسنس یافتہ کے اپنی ملکیت اثاثوں سے الگ ہوں گے۔

(۲) فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون میں شامل کسی بھی امر کے برعکس ہونے کے باوجود، لائسنس یافتہ کے پاس موجود صارف کے اثاثے اس کے دیوالیہ یا کاروبار کے خاتمے کی صورت میں لائسنس یافتہ کی جائیداد کا حصہ نہیں بنیں گے۔

(۳) لائسنس یافتہ اپنے صارفین کے لیے امانتی فرائض ادا کرے گا اور صارفین کے اثاثوں کے ساتھ لین دین کرتے ہوئے، ہمہ وقت ایمان داری سے، منصفانہ طور پر، اور اپنے صارفین کے بہترین مفاد میں کام کرے گا۔

۲۲۔ کم از کم ادائیگی سرمایہ:۔ (۱) لائسنس یافتہ، ہمہ وقت، کم از کم ادائیگی سرمایہ کو برقرار رکھے گا جو متعلقہ درجے کے جدول 2 میں صراحت کردہ رقم سے کم نہ ہوگا۔

(۲) اتھارٹی لائسنس یافتہ کے حجم، پیچیدگی یا نمایاں خدشہ کی نسبت، جدول ۲ میں صراحت کردہ کی نسبت زائد ادا شدہ سرمایہ کی مقتضیات عائد کرسکتی ہے۔

۲۳۔ معیارات تحویل اور کلیدی انتظامی کنٹرولز:۔ (۱) مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی تحویل فراہم کرنے والا لائسنس یافتہ۔

(الف) مجازی (Virtual) اثاثہ جات کو محفوظ بنانے کے لیے کثیر اشارات یا اس کے مساوی رسائی کے میکنزم کنٹرول کے لیے لاگو کرے گا؛

(ب) عملی طور پر اور منطقی طور پر، خفیہ کلید کے محفوظ ذخیرہ کرنے کو یقینی بنائے گا، ایسے طریقہ کار سے جو غیر مجاز رسائی کو روک سکے گا؛ اور

(ج) حادثات سے بازیابی اور کاروباری تسلسل کے منصوبہ جات مضبوط طور پر قائم کرے گا اور برقرار رکھے گا۔

۲۴۔ ذخائر کا ثبوت اور آڈٹ کی ذمہ داریاں:۔ (۱) لائسنس یافتہ اتھارٹی کو، ایسے وقفوں سے جیسا کہ ضوابط میں صراحت کیا جا سکتا ہے، ذخائر کا رمزی طور پر ثبوت پیش کرے گا جو صارفین کی جانب سے اس کی ذمہ داریوں سے ہم آہنگ ہوگا۔

(۲) لائسنس یافتہ اتھارٹی کی جانب سے منظور کردہ چارٹرڈ فرم سے اپنے آپریشنز کے سالانہ آڈٹ کروانے کا باعث بنے گا۔

وضاحت:۔ مذکورہ آڈٹ میں صارف کے اثاثہ جات کی انفصال کی تصدیق شامل ہے جیسا کہ دفعہ ۲۱ کے تحت مطلوب ہے۔

۲۵۔ صارف کے اثاثہ کا دیوالیہ پن سے تحفظ:۔ لائسنس یافتہ کے اثاثہ جات کے منجمد ہونے کی صورت میں، صارف کے اثاثہ جات دیوالیہ پن کی حیثیت سے بالکل علیحدہ رہیں گے۔

حصہ پانچ: کاغذی۔حوالہ شدہ ٹوکنز اور اثاثہ۔حوالہ شدہ ٹوکنز

۲۶۔ کاغذی۔ حوالہ شدہ ٹوکنز کو محفوظ کرنے، واگزاشت اور منکشف کرنے کی مقتضیات:۔

کاغذی۔حوالہ شدہ ٹوکنز کے جاری کنندہ۔

(الف) اعلیٰ معیار کے سیال اثاثہ جات (HQLA) یا کوئی بھی دیگر اثاثہ جات کو برقرار رکھے گا جیسا کہ اتھارٹی صراحت کرے، بطور محفوظ اثاثہ جات کے جو کہ اس کی کاغذی۔حوالہ شدہ ادا شدہ قدر کے صد فیصد کے برابر ہوگا یا اثاثہ جات ۔حوالہ شدہ ٹوکن جو ہمہ وقت اس واگزاشت کو پورا کرنے کی صلاحیت کو یقینی بنائیں گے؛

(ب) بینک دولت کی مشاورت سے مذکورہ محفوظ اثاثہ جات کو علیحدہ کھاتوں میں اتھارٹی کے منظور شدہ محافظین کے پاس رکھے گا؛

(ج) ہر ایک کاغذی۔حوالہ شدہ ٹوکن کی مساواتی قدر کے برابر ہوئے بغیر، ہر وقت واگزاشت کو یقینی بنائے گا:

(اول) کسی خلل اندازی یا کسی وسطانیہ کی ناکامی یا دیگر متعلقہ ہیئت یا ادارے کی ناکامی پر غیر مناسب طور پر سمجھوتا کر لینا؛ یا

(دوم) ایسی مدت کے اندر جیسا کہ اتھارٹی صراحت کر سکتی ہے۔

(د) اتھارٹی کی جانب سے منظور کردہ آزاد آڈیٹر کی آڈٹ کردہ ذخائر کی تشکیل اور کفایت پر سہ ماہی آڈٹ رپورٹیں شائع کرے گا۔

۲۷۔ اثاثہ حوالہ شدہ ٹوکنز کو محفوظ کرنے، واگزاشت اور منکشف کرنے کی مقتضیات:۔

اثاثہ حوالہ شدہ ٹوکن کا جاری کنندہ اس کی تحویل، تعین مالیت، اور حوالہ شدہ اثاثہ جات کے محفوظ رکھنے کے انتظامات کرے گا اور واگزاشت، محفوظ رکھنے، اور منکشف کرنے کے نظام کو ایسے طریقہ کار پر یقینی بنائے گا، جیسا کہ ضوابط میں صراحت کی گئی ہو۔

۲۸۔ نمایاں جاری کنندگان کے لیے موجودہ میں جمع کیا جا سکنے والا دانشمندانہ سرمایہ:۔

ایک جاری کنندہ بطور ''نمایاں'' کے اہل ہوگا جہاں وہ جدول ۳ میں بیان کردہ حد سے تجاوز کر جائے، اور ایسا جاری کنندہ اس پر اپنے مزید فنڈز ایسے طریقہ کار پر اور مذکورہ رقم کے برقرار رکھ سکے گا جیسا کہ صراحت کیا گیا ہو اور مزید گورننس اور رپورٹنگ مقتضیات کے تابع ہوگا جیسا کہ اتھارٹی صراحت کرے۔

۲۹۔ مارکیٹنگ اور انعقاد کی پابندیاں:۔ (۱) کوئی بھی شخص کاغذی۔حوالہ شدہ ٹوکن یا اثاثہ حوالہ شدہ ٹوکن کی اشتہار بازی یا مارکیٹ نہ کر سکے گا تاوقتیکہ مذکورہ ٹوکن کا جاری کنندہ اس آرڈیننس کے تحت جائز لائسنس یا رجسٹریشن نہ رکھتا ہو یا تاوقتیکہ جاری کردہ ٹوکن ایک دوسرے حدود اختیار میں جسے اتھارٹی تسلیم کرتی ہو اس کے مساوی معیارات پر پورا نہ اُترتے ہوں۔

(۲) تمام مارکیٹنگ کا مواد انکشاف خطرہ پر مشتمل ہوگا ایسی صورت اور طریقہ کار میں جیسا کہ اتھارٹی منظور کرے۔

۳۰۔ محفوظہ کے محافظین کی ذمہ داریاں:۔ (۱) محفوظہ اثاثہ جات کے محافظین۔۔

(الف) اتھارٹی کی جانب سے جاری ہونے والے رہنما اصولوں کی تعمیل کریں گے؛

(ب) محفوظہ سے متعلق ریکارڈ کے معائنے کی اتھارٹی کو اجازت دیں گے؛اور

(ج) اتھارٹی کی پیشگی تحریری منظوری کے محفوظہ اثاثہ جات پر بوجھ نہ ڈالیں گے۔

حصہ چھ: مارکیٹ کا انعقاد اور صارف کا تحفظ

۳۱۔ ایمانداری اور شفاف لین دین کے عمومی فرائض:۔ لائسنس یافتہ اپنا کاروبار دیانت داری، شفافیت اور پیشہ ورانہ طور پر اور اپنے صارفین کے بہترین مفاد میں اور ایسے طریقہ کار پر جو کہ مارکیٹ کی ایمانداری کو برقرار رکھ سکے، کی مطابقت میں کرے گا۔

۳۲۔ مارکیٹ میں کارستانی اور خفیہ معلومات سے فائدہ اٹھا کر کاروبار کرنے کی ممانعت:۔

(۱) کوئی بھی شخص مجازی (Virtual) اثاثہ کی نسبت کسی فعل، طریقہ کار یا ایسے عمل میں جو کہ مارکیٹ میں کارستانی کو تشکیل دیتا ہو نہ کر سکے گا۔ ایسے طریقہ کار کو جرم مجرمانہ سمجھا جائے گا جو کہ قابل اطلاق قوانین کے تحت تعزیر کا سزاوار ہوگا۔

(۲) کوئی بھی شخص مجازی (Virtual) اثاثہ میں کاروبار نہ کر سکے گا جبکہ اس کے پاس اُن مجازی (Virtual) اثاثہ جات کے اندر کی خفیہ معلومات ہوں یا غیر قانونی طور پر مذکورہ معلومات کسی بھی دوسرے شخص کو منکشف نہ کر سکے گا، ماسوائے جہاں مذکورہ انکشاف ملازمت، پیشہ وری یا فرائض کے عمومی استعمال کی گئی ہو۔

(۳) اتھارٹی مارکیٹ کارستانی اور اندر کی معلومات کی وضاحت کی اغراض کے لیے ضوابط کی صراحت کر سکتی ہے۔

(۴) اس دفعہ کی کوئی بھی خلاف ورزی جرم مجرمانہ کو تشکیل دے گی اور اس آرڈیننس یا انسداد تطہیر زر اور انسداد مالیات کاری دہشت گردی کے قابل قوانین کے تحت صراحت کردہ طریقہ کار میں قابل سزا ہوگی۔

(۵) اس دفعہ کی اغراض کے لیے، اتھارٹی کارستانی کے رویئے کی اقسام کی صراحت کے لیے رہنما اصول جاری کرے گی جس میں مصنوعی کاروبار، تلبیس کرنا، جلداز جلد حصول نفع کے لیے ہوا دینا(Pump and Dump) اسکیمیں شامل ہیں۔

(۶) اس دفعہ کے تحت جرائم کی تفتیش، استغاثہ اور فیصلہ، مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (۵ بابت ۱۸۹۸) فرمان قانون شہادت، ۱۹۸۴ء (ایس آر او نمبر (ا) ۱۰۶۹ بابت ۱۹۸۴ء، انسداد تطہیر زر ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ نمبر ۲۰ بابت ۲۰۱۰ء) یا کسی بھی متعلقہ فوجداری یا ضابطے کے قانون کے احکامات کی مطابقت میں انجام دیئے جائیں گے۔

۳۴۔ جاری کنندہ کی ذمہ داریاں:۔ (۱) عوام الناس کو مجازی (Virtual) اثاثے پیش کرنے سے قبل، جاری کنندہ ایک سرکاری رپورٹ ایسی صورت میں اور طریقہ کار پر جیسا کہ ضوابط میں صراحت کیا جاسکتا ہے شائع کرے گا۔ سرکاری رپورٹ منجملہ دیگر ان حسب ذیل کی نسبت سچی، واضح اور غیر گمراہ کن معلومات پر مشتمل ہوگی۔

(الف) مجازی (Virtual) اثاثہ کی نوعیت، خصوصیات اور مقصد؛

(ب) مجازی (Virtual) اثاثہ کے حاملین یا خریداروں کے حقوق و فرائض؛

(ج) اثاثہ یا پلیٹ فورم کا معاشی نمونہ، ٹیکنالوجی اور گورننس کا نظام؛

(د) جاری کنندہ، کنٹرولرز اور متعلقہ اہم افراد کی شناخت اور قابلیت؛

(ہ) اس سے منسلکہ خدشات، جس میں مارکیٹ کے قانونی ٹیکنالوجیکل اور سائبر سکیورٹی کے خدشات شامل ہیں؛ اور

(و) کوئی بھی دیگر معلومات جیسا کہ صراحت کی جاسکتی ہے۔

(۲) جاری کنندہ اہم معلومات کا جاری انکشاف کرسکتا ہے، جس میں کوئی بھی تبدیلی جو معقول طور پر مجازی (Virtual) اثاثہ کی قدر، استعمال یا انضباطی حیثیت پر اثر انداز ہو، شامل ہے، ایسے طریقہ کار اور شدت کے ساتھ جیسا کہ اتھارٹی صراحت کرسکتی ہے۔

(۳) اتھارٹی اس دفعہ کے تحت جاری کنندہ یا پیشکش کنندہ کے بعض زمروں کو لائسنسنگ یا انکشاف کی مقتضیات سے استثناء دے سکتی ہے۔ جو ایسی شرائط اور معیار کے تابع ہوگا جیسا کہ ضوابط میں مختص کیا جاسکتا ہے۔

(۴) اس دفعہ کے تحت عائد کردہ ذمہ داریاں دفعہ ۳۷ یا اس آرڈیننس کے کسی دوسرے حکم جو کہ مجازی (Virtual) اثاثہ کی ابتدائی پیشکش سے متعلقہ ہو، کے تحت لاگو مقتضیات سے مزید برآں ہوں گی۔

(۵) اس آرڈیننس کے تحت مجازی (Virtual) اثاثہ کا جاری کنندہ کو بطور مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کے چلانے کے لیے لائسنس دیا جائے گا، جو ایسی شرائط اور حفظ ماتقدم کے تابع ہوگا جیسا کہ اتھارٹی تصادم مفاد، مارکیٹ کی دیانتداری اور صارفین کے تحفظ کے انتظام کے لیے صراحت کر سکتی ہے۔

۳۴۔ **تصادم مفاد کے لیے انتظام:۔** لائسنس یافتہ کسی بھی تصادم مفاد کی شناخت ، انتظام اور انکشاف کرے گا اور اپنے مفاد کو صارفین کے مفاد پر متقدم نہیں رکھے گا۔

۳۵۔ **مخبر کا تحفظ:۔** (۱) ایک شخص جو نیک نیتی سے اس آرڈیننس یا اس کے تحت وضع کردہ کسی قواعد یا ضوابط کی خلاف ورزی کی اتھارٹی کو رپورٹ کرتا ہے تو اسے کسی بھی طرح کی جوابی کارروائی کی بھینٹ نہیں چڑھایا جائے۔

(۲) اتھارٹی مخبر کے لیے ضوابط کی رو سے انعامی اسکیم بیان کرے گی، جو پاکستان میں لاگو مخبر کے تحفظ کے قانون سے ہم آہنگ ہوگی۔

۳۶۔ **شکایات سے نبٹنے اور تنازعات کے تصفیہ کی اسکیم:۔** (۱) لائسنس یافتہ اتھارٹی کی جانب سے منظور شدہ اندرونی شکایات سے نبٹنے کے طریقہ ہائے کار کو قائم کرے گا اور برقرار رکھے گا۔

(۲) اتھارٹی ان دعویٰ جات کے لیے جو ایک صراحت کردہ مالیاتی حد سے کم ہوں گے ایک آزاد تصفیہ تنازعات اسکیم قائم کرے گی یا اُسے تسلیم کرے گی۔

۳۷۔ **ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کے جاری کنندہ کی پیشکش:۔** (۱) ایک شخص ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کے پیشکش کا نہ ہی پاکستان میں یا اس سے انعقاد کر سکتا ہے یا اس کے انعقاد کی منشاء کر سکتا ہے، تاوقتیکہ مجازی (Virtual) اثاثہ کے پیشکش کی اس آرڈیننس کے تحت منظوری نہ ہو جائے۔

(۲) شک سے بچنے کے لیے، ایک حقیقی شخص ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کی پاکستان میں یا اس سے ان کو فروغ دینے یا انعقاد کرنے کا اہل نہیں ہوگا۔

(۳) ایک شخص ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کی پاکستان میں یا اس سے ان کے انعقاد یا فروغ کی خواہش رکھتا ہے یا مجازی (Virtual) اثاثہ کے کاروباری پلیٹ فارم سے کاروبار کرتا ہے تو مذکورہ مقتضیات کی تعمیل

کرے گا جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے صراحت کی جاسکتی ہیں۔

(۴) ایک شخص پاکستان میں یا اس سے ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کی پیشکش کو، یا مجازی (Virtual) اثاثہ کاروباری پلیٹ فارم سے کاروبار کا انعقاد یا فروغ نہ کرے گا تاوقتیکہ وہ ذیلی دفعہ (۳) کی تعمیل میں اتھارٹی کو ایک درخواست داخل نہ کر لے اور اتھارٹی اس شخص کو تحریراً مشتہر کرے گی، کہ اسے اس کے اجرا پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

(۵) ذیلی دفعہ (۴) کے باوصف، اتھارٹی تحریراً اعتراض کر سکتی ہے اور تقاضا کر سکتی ہے کہ اجرا کے آغاز کے بعد ایسے اقدامات یا کارروائیاں کی جائیں جہاں۔۔

(الف) طریقہ کار جس میں اجرا مشتہر ہوا تھا دو خواست میں فراہم کردہ معلومات سے متصادم نہیں ہے؛

(ب) ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ کی پیشکش کے مواد کی بیان، نوعیت یا خصوصیات اس بیان سے جو درخواست میں فراہم کی گئی ہے انحراف کرتی ہے؛

(ج) جاری کنندہ وہ شخص ہے جس کا درخواست میں انکشاف نہیں کیا گیا؛

(د) سرمایہ کاری کی بنیاد کا ہدف اس سے مختلف ہے جو کہ درخواست میں منکشف کیا گیا ہے؛

(ہ) متعلقہ انضباطی اتھارٹی کے پاس باور کرنے کے لیے یہ وجہ ہے کہ جاری کنندہ ابتدائی مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی پیشکش کو غلط طور پر فروخت کر رہا ہے؛ یا

(و) اجراء ایسے طریقہ کار میں ذمہ لیا گیا ہے جو کہ مفاد عامہ کے لیے مضر ہے۔

(۶) کوئی بھی شخص جو، درخواست کی نسبت، اتھارٹی کو ایسی معلومات فراہم کرتا ہے کہ وہ مرد یا عورت جانتے ہیں کہ وہ غلط یا گمراہ کن ہیں، جرم کا ارتکاب کیا ہے اور سزا یابی پر ایسے جرمانے کا حقدار ہوگا جیسا کہ دفعہ ۵۰ کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔

(۷) ایک شخص جو دفعہ (۱)، (۲)، (۳)، اور (۴) کی خلاف ورزی کرتا ہے تو جرم کا ارتکاب کرتا ہے اور سزا یابی پر ۷ سال کی مدت تک سزا قید، جرمانے یا دونوں کا حقدار ہوگا۔

حصہ سات:۔ انسداد تطہیر زر، انسداد مالیات کاری دہشت گردی۔

۳۸۔ انسداد تطہیر زر ایکٹ، ۲۰۱۰ کا اطلاق:۔ (۱) انسداد تطہیر زر ایکٹ، ۲۰۱۰ کے اطلاق کے لیے، اس آرڈیننس کے تحت لائسنس یافتہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کو یہ تصور کیا جائے گا کہ وہ مقرر کردہ وہ غیر مالیاتی کاروبار اور پیشے ہیں اور اس کے تحت آنے والی تمام ذمہ داریوں کی تعمیل کرے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی عمومیت سے بلا مضرت، اس آرڈیننس کے تحت لائسنس یافتہ ہر ایک مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کا فراہم کنندہ، انسداد تطہیر زر ایکٹ، ۲۰۱۰ مالیاتی یونٹ کی جانب سے جاری کردہ کسی بھی قواعد، ضوابط یا رہنما اصولوں کی مقتضیات کی مطابقت میں۔۔

(الف) تمام مشکوک ٹرانزیکشن کی رپورٹ مالیاتی نگران یونٹ کو دے گا۔ اتھارٹی، مالیاتی نگران یونٹ کی مشاورت سے مجازی (Virtual) اثاثہ ٹرانزیکشن کی مشکوک سرگرمی کے اشاروں پر مزید رہنمائی جاری کرے گی؛

(ب) صراحت کردہ مدت کے لیے صارف کے ریکارڈز، ٹرانزیکشنز اور دیگر متعلقہ معلومات کو لگاتار باضابطہ طور پر برقرار رکھے گا؛ اور

(ج) اندرونی کنٹرول اور تعمیل کے پروگراموں کو قائم کرے گا اور برقرار رکھے گا، جس میں افسر تعمیل کا تقرر شامل ہے، تا کہ تطہیر زر اور دہشت گردی کی مالیات کاری کو روکا جا سکے۔

(۳) اتھارٹی مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس (FATF) کے قائم کردہ معیارات سے AML/CFT کی مقتضیات کو ہم آہنگ بنائے گی اور بین الاقوامی طور طریقوں کی تعمیل میں موافقت کو یقینی بنانے کے لیے مزید رہنمائی بھی جاری کر سکتی ہے۔

۳۹۔ سفری قاعدے اور ریکارڈ کو برقرار رکھنے کی ذمہ داریاں:۔ (۱) لائسنس یافتہ، بانی اور مستفید کنندہ کے لیے معلومات حاصل کرے گا، برقرار رکھے گا اور ترسیل کرے گا کسی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی منتقلی کی نسبت جو اتھارٹی کی جانب سے صراحت کردہ حد کو پورا کرتے ہوں یا اس سے متجاوز ہوں، ایسے طریقہ کار پر جو مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس (FATF) کی سفارشات کی سفارش ۱۶ کے معیار میں بیان کیا گیا ہے

سے ہم آہنگ ہوں۔ جیسا کہ وقتاً فوقتاً انھیں تازہ ترین کیا جاتا ہے۔

(۲) لائسنس یافتہ ٹرانزیکشنز، صارف کے لگاتار باضابطہ اور کم از کم سات سالہ مدت کے لیے خدشہ کی جانچ کے ریکارڈز کو برقرار رکھے گا۔

۴۰۔ وقت حقیقی کا انضباط کار کی رسائی اور رپوٹنگ:۔ (۱) لائسنس کنندہ ایک ایسا محفوظ خود کار رابطہ بنائے گا جو اتھارٹی، بینک دولت پاکستان، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی اور وفاقی بورڈ برائے محصولات (FBR) اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں اور اتھارٹیز کو جیسا کہ اتھارٹی مشتہر کر سکتی ہے کہ صراحت کردہ ڈیٹا کو وقت حقیقی یا وقت حقیقی کے قریب میں جوڑا جا سکے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) میں حوالہ جوڑنے کے عمل کے لیے اتھارٹی تکنیکی معیارات اور ڈیٹا اسکیم کی صراحت کرے گی۔

۴۱۔ سائبر سکیورٹی اور آپریشنل۔ لچکداری کے معیارات:۔ (۱) لائسنس یافتہ اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ ایجنسیوں اور ریا اتھارٹیز کے ساتھ مشاورت سے جاری کردہ فریم ورک کی تعمیل کرے گا۔

(۲) سائبر کا کوئی بھی اہم واقع بلا تاخیر اور کسی بھی صورت میں اس کی دریافت کے چوبیس گھنٹوں کے اندر اتھارٹی کو رپورٹ کیا جائے گا۔

حصہ آٹھ: اختراع سینڈ۔ باکس اور عدم۔ کارروائی کا ریلیف

۴۲۔ سینڈ باکس کا قیام اور مقاصد:۔ مجازی (Virtual) اثاثہ مصنوعات اور سروسز میں ذمہ دارانہ اختراع کو فروغ دینے کی غرض سے انضباطی اتھارٹی کنٹرول شدہ ماحول میں ایک سینڈ باکس قائم کرے گی اور چلائے گی۔

۴۳۔ اہلیت، درخواست اور سپروائزری معاہدہ:۔ (۱) ایک درخواست گزار جو سینڈ باکس میں داخل ہونا چاہتا ہے اتھارٹی کو ایک تفصیلی درخواست داخل کرے گا، جس میں مجوزہ اختراع کی نسبت

جامع معلومات ہوں گی، اس سے پیدا ہونے والے فائدے، مخفی خطرے، اس کو معتدل کرنے کے مجوزہ اقدامات اور اس سے نکلنے کی واضح حکمت عملی فراہم کی جائے گی۔

(۲) درخواست گزاروں جن کو سینڈ باکس میں شامل ہونے کے لیے موزوں تصور کیا گیا اتھارٹی کے ساتھ ایک سپروائزری معاہدے میں شامل ہو جائیں گے، جو من وعن اس کی حدود کی اور اُن شرائط جو اختراع کو آزمائش کی طرف لے جائیں کی صراحت کرے گی۔

۴۴۔ سینڈ باکس کی آزمائش کا دورانیہ، حدود اور اس سے باہر نکلنے کا راستہ:۔

(۱) سینڈ باکس کے اندر کسی بھی آزمائش کی مدت اس کی آغاز کی تاریخ سے اٹھارہ ماہ سے زائد نہ ہوگی، تاوقتیکہ اتھارٹی اس کے علاوہ کچھ متعین کرے۔

(۲) اتھارٹی، اپنی صوابدید پر، ٹرانزیکشن پر صارفین کی تعداد جو آزمائش میں شامل ہے، یا سینڈ باکس کی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والا مجموعی مالیاتی معرض پر تحدید یہ عائد کر سکتی ہے۔

(۳) سینڈ باکس کی آزمائشی مدت کے نتیجہ پر، حصہ لینے والے، جیسا کہ اتھارٹی ہدایت دے خواہ اس آرڈیننس کے تحت مکمل لائسنس حاصل کرنے کے عبوری دور میں ہو، مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کو منقطع کر سکتا ہے جو کہ اس آزمائش کا مقصد تھا یا ایسے دیگر اقدامات کر سکتا ہے جیسا کہ اتھارٹی حکم کر سکتی ہے یا جیسا کہ وہ موزوں متصور کرے۔

۴۵۔ عدم کارروائی ریلیف اور عبوری انتظامات:۔ (۱) اتھارٹی ایک عدم کارروائی کا خط جاری کر سکتی ہے جس میں یہ بیان ہوگا کہ وہ بیان کردہ مدت کی نسبت مخصوص اطوار کے لیے نفاذی کارروائی کا ارادہ نہیں رکھتی۔

(۲) عدم کارروائی کے خط کا اجراء، کسی قانونی استثنا کو تشکیل نہیں دے گا اور اتھارٹی تحریری نوٹس کے ذریعے کسی بھی وقت مذکورہ خط واپس لینے کا حق رکھتی ہے۔

حصہ نو: نفاذ، جرائم اور تعزیرات

۴۶۔ تحقیقاتی اختیارات:۔ (۱) اس آرڈیننس کی تعمیلی تحقیق کی غرض سے اتھارٹی:۔

(الف) مجازی (Virtual) اثاثہ سروسز کے استعمال کی نسبت کسی بھی احاطہ میں داخل ہو سکتی ہے اور معائنہ کر سکتی ہے؛

(ب) کتب، ریکارڈز اور ڈیٹا کی نقول حاصل کر سکتی ہے اور مشاہدہ کر سکتی ہے؛

(ج) معاملے کے حقائق اور حالات سے واقف کسی بھی شخص کو طلب کر سکتی ہے اور جرح کر سکتی ہے؛ یا

(د) متعلقہ اتھارٹی کو جرم کی ثبوت کی تلاشی اور ضبطی کے لیے وارنٹس کے لیے درخواست کر سکتی ہے۔

(۲) جہاں اتھارٹی، کو تحقیق کے نتیجہ میں، یہ باور کرنے کے لیے معقول وجوہات ہوں کہ اس آرڈیننس کے تحت جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے، تو وہ مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ کی مطابقت میں مجاز اختیار سماعت عدالت کے رو برو تحریری فوجداری شکایت دائر کر سکتی ہے۔

۴۷۔ انتظامی پابندیاں:۔ (۱) جہاں اتھارٹی کو اس بات کا اطمینان ہو کہ ایک شخص نے اس آرڈیننس یا اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی ضوابط کی خلاف ورزی کی ہے، تو اتھارٹی حسب ذیل میں سے ایک یا ایک سے زائد پابندیاں عائد کر سکتی ہے:۔

(الف) تحریری سرزنش یا سرکاری ناپسندیدگی کے اظہار کا اجرا؛

(ب) ایسی ہدایات جاری کرنا جس میں مطالبہ ہو کہ وہ شخص بند کر دے یا خلاف ورزی کے مداوے کے لیے مخصوص اقدامات اُٹھائے؛

(ج) مالیاتی جرمانہ عائد کرے جو ایک سو ملین پاکستانی روپے (PKR-100,000,000) یا مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کی سالانہ بکری کا پانچ فیصد (5%) ہو۔

(د) اس آرڈیننس کے تحت مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کو جاری کردہ کوئی بھی لائسنس معطل کردے یا منسوخ کردے؛ یا

(و) اس آرڈیننس کے تحت لائسنس یافتہ مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ کے کسی بھی شخص، کوئی بھی دفتر یا ذمہ دارانہ عہدہ رکھنے کے لیے نااہل قرار دینا۔

(۲) جہاں اتھارٹی کو اس بات کا اطمینان ہو کہ جاری کنندہ نے اس آرڈیننس کے دفعات ۳۴ یا ۳۷ یا اس کے تحت وضع کردہ کسی بھی ضوابط کے احکامات کی خلاف ورزی کی ہے، تو اتھارٹی ذیلی دفعہ (۱) میں درج فہرست پابندیوں میں سے ایک یا زائد کو عائد کرسکتی ہے ایسی تبدیلیوں کے ساتھ جیسا کہ موزوں ہوسکتی ہوں، بشمول:۔

(الف) مالیاتی جرمانہ جو ایک سو ملین پاکستان روپے (PKR-100,000,000) یا مجازی (Virtual) اثاثہ کی پیشکش کے کل مالیات کا (5%) فیصد؛

(ب) سرکاری ہدایت جس میں تصیح، بازگردانی یا غلط یا گمراہ کن بیانات کی وضاحت کا تقاضا کیا گیا ہو؛

(ج) جاری کنندہ پر مجازی (Virtual) اثاثہ جات کی مخصوص مدت تک عوامی پیشکش پر امتناع یا پابندی؛

(د) ذمہ دار اشخاص کی مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ یا جاری کنندہ کی مینجمنٹ یا گورننس میں شمولیت سے نااہلی؛ یا

(ہ) دفعہ ۳۷ کے تحت عطا کردہ کسی بھی پیشگی منظوری کی معطلی یا منسوخی۔

۴۸۔ ہنگامی مداخلت کے اختیارات:۔ (۱) کسی نظام کے تحت خطرے، بازاری ہیر پھیر، دھوکہ دہی یا سائبر سکیورٹی کی خلاف ورزی کی صورت میں اتھارٹی صراحت کردہ مجازی (Virtual) اثاثہ کی سروسز کو عارضی طور پر معطل کرسکتی ہے یا متعلقہ اثاثہ جات کو ایسی مدت تک معطل کرنے کا حکم جاری کرسکتی ہے جو تیس دنوں سے زیادہ نہ ہو۔

(۲) مذکورہ حکم مجازی (Virtual) اثاثہ اپیلٹ ٹربیونل میں متاثرہ فریق کی جانب سے درخواست پر نظرثانی سے مشروط ہوگا۔

۴۹۔ **دیوانی سزائیں:۔** (۱) اتھارٹی انتظامی پابندیوں کے علاوہ ازیں یا انتظامی پابندیوں کی بجائے، اختیارات سماعت رکھنے والی عدالت کو دیوانی جرمانے کے اطلاق کے لیے درخواست کر سکتی ہے جیسا کہ اس آرڈیننس کی کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کی بابت مجموعہ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء کے تحت قابل اطلاق ہو۔

(۲) عدالت نفع جات کی واپسی اور دیگر مناسب ریلیف کا حکم دے سکتی ہے جیسا کہ وہ مناسب سمجھے۔

۵۰۔ **فوجداری جرائم:۔** ایک شخص جو دانستہ طور پر بغیر لائسنس کے مجازی (Virtual) اثاثہ کی سروس فراہم کرتا ہے تو وہ جرم کا مرتکب ہوگا اور وہ سات سال تک قید یا پچاس ملین پاکستانی روپے تک جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا.

(۲) ایک شخص جو اتھارٹی میں جمع کردہ کسی بھی درخواست، گوشوارے یا دستاویزات میں دانستہ طور پر کوئی غلط یا گمراہ کن بیان فراہم کرتا ہے تو وہ جرم کا مرتکب ہوگا اور تین سال تک قید یا بیس ملین روپے تک جرمانے یا دونوں کا مستوجب ہوگا۔

(۳) کوئی بھی شخص جو اتھارٹی کے کسی افسر کو اس آرڈیننس کے تحت اختیارات کے استعمال میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرے گا تو وہ جرم کا مرتکب ہوگا اور وہ دو سال تک قید یا دس ملین روپے تک جرمانہ یا دونوں سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

(۴) جہاں کوئی مجازی (Virtual) اثاثہ سروس کا فراہم کنندہ انسداد تطہیر زر ایکٹ ۲۰۱۰ء کے احکامات یا اس کے قواعد وضوابط یا اس کے تحت وضع کردہ رہنما اصولوں کی خلاف ورزی کرے تو اسے اس آرڈیننس کے تحت کسی انضباطی کارروائی کے علاوہ اس آرڈیننس کے تحت مقرر کردہ سزاؤں کی مطابقت میں سزا دی جائے گی ۔

(۵) اس آرڈیننس میں شامل کسی بھی شے کے باوصف اس آرڈیننس کے تحت تمام قابل سزا جرائم کی مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کے احکامات کی مطابقت میں تفتیش کی جائے گی، سماعت کی جائے گی اور سزا دی جائے گی جیسا کہ قابل اطلاق ہے تاوقتیکہ اس آرڈیننس یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد وضوابط میں کچھ اور مذکور نہ ہو۔

(۶) وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلامیہ کے ذریعے، اس آرڈیننس کے تحت جرائم پر اختیار سماعت کے استعمال کے لیے اس وقت تک ایک یا ایک سے زیادہ خصوصی عدالتیں یا عدالتی فورمز نامزد کر سکتی ہے۔ تاوقتیکہ

اس وقت تک اختیار سماعت ان عدالتوں کے پاس ہوگا جنہیں مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ کے تحت جرائم کی سماعت کے لیے بااختیار کیا گیا ہے۔

۵۱۔ **ہیئت اجتماعیہ کے افسران کی ذمہ داری:۔** جہاں اس آرڈیننس کے تحت کسی جرم کا ارتکاب کسی ہیئت اجتماعیہ کے کسی ڈائریکٹر، منیجر، سیکرٹری یا ایسے ہی کسی افسر کی ملی بھگت، رضامندی یا، لاپرواہی سے کیا جائے تو مذکورہ شخص جرم کا مرتکب متصور ہوگا۔

۵۲۔ مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلیٹ ٹربیونل کا قیام اور اپیلیں:۔

(۱) ایک مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل قائم کیا جائے گا اور کسی بھی عدالت کو اس آرڈیننس یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد وضوابط کے تحت کسی بھی قانونی تنازعے کا اختیار سماعت حاصل نہیں ہوگا جس کے لیے مجازی (Virtual) اپیلٹ ٹربیونل کے اختیار سماعت کو وسعت دی گئی ہے۔ مجازی (Virtual) اثاثہ جات ٹربیونل کے فیصلے پر اس آرڈیننس کی دفعہ ۵۳ میں بیان کردہ طریقہ کار میں اپیل داخل کی جاسکتی ہے۔

(۲) یہاں شامل کسی بھی شئے کے باوصف، وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، دیگر کسی قانون کے تحت قائم کردہ موجود کسی ٹربیونل کو اس آرڈیننس کے تحت قائم کردہ مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کے کارہائے منصبی کی انجام دہی اور اختیارات تفویض کرسکتی ہے۔

(۳) کوئی بھی مجازی (Virtual) اثاثہ کا فراہم کنندہ، لائسنس یافتہ، یا اتھارٹی کے حکم سے متاثرہ دیگر کوئی شخص صراحت کردہ قواعد کی مطابقت میں حکم سے مطلع کرنے کی تاریخ سے تیس دنوں کے اندر مجازی (Virtual) اپیلیٹ ٹربیونل کے روبرو اپیل دائر کرسکتا ہے۔

(۴) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کو اپیل ایسی شکل میں کی جائے گی، ایسی تفصیلات پر مشتمل ہوگی اور ایسے دستاویزات اور فیس کے ہمراہ ہوگی جیسا کہ اس آرڈیننس کے تحت صراحت کئے جاسکتی ہیں۔

(۵) مجازی (Virtual) اثاثہ جات ٹربیونل صدارتی افسر پر مشتمل ہوگا جو ماہر قانون ہوگا اور دو اراکین، ایک تکنیکی ماہر ہوگا اور دوسرا ماہر مالیات ہوگا۔ جو قابلیت، دیانتداری کے حامل ہونگے اور وہ قانون، ٹیکنالوجی، مالیات یا اقتصادیات کے شعبوں میں کم سے کم دس سالہ تجربے کے حامل ہونگے۔

(۶) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کا صدارتی افسر اور اراکین کا تقرر وفاقی حکومت صراحت کردہ طریقہ کار میں کرے گی اور وہ تین سال کی مدت تک عہدے پر فائز رہیں گے اور ایسی ہی مدت یا مدتوں کے لیے دوبارہ تقرری کے اہل ہونگے اور ساٹھ سال کی عمر یا مدت کے اختتام پر جو بھی پہلے ہو عہدے سے سبکدوش ہو جائیں گے۔

(۷) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کے صدارتی افسر اور دیگر اراکین کی تقرری ایسے طریقہ کار میں ہوگی جیسا کہ قیود و شرائط وفاقی حکومت کی جانب سے صراحت کیا جائے گا۔

(۸) صدارتی افسر اور اراکین ایسی تنخواہ اور ملازمت کی ایسی دیگر قیود و شرائط کے حقدار ہونگے جیسا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے صراحت کی جائیں گی۔

(۹) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل اپیل کا جلدی فیصلہ کرے گا لیکن ٹربیونل میں اپیل پیش کرنے سے تین مہینے سے زیادہ نہ ہوگا۔

(۱۰) مجازی (Virtual) اثاثہ جات ٹربیونل کو ایک اپیل کے فیصلے کے اغراض کے لیے دیوانی عدالت سمجھا جائے گا اور وہی اختیارات حاصل ہونگے جیسا کہ اس عدالت کو مجموعہ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۹۰۸ء) کے تحت حاصل ہیں بشمول حسب ذیل اختیارات کے:

(الف) کسی بھی شخص کی حاضری کو نافذ کرنا اور اسے حلف لینا؛

(ب) دستاویزات کی فراہمی کے لیے مجبور کرنا؛ اور

(ج) گواہوں اور دستاویزات کے معائنے کے لیے کمیشن کا اجراء کرنا۔

(۱۱) مجازی (Virtual) اثاثہ جات ٹربیونل کے لیے قانون کی عدالت میں سرسری طور صورت حال سے نمٹنے کے انداز میں دیوانی کارروائیوں پر لاگو ہونے والے ثبوت کے معیار پر کسی بھی معاملے پر مطمئن ہونا کافی ہوگا۔

(۱۲) مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کے اس آرڈیننس کے تحت فیصلہ یا تعین مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت دیوانی عدالت کی ڈگری سمجھے جائیں گے۔

۵۳۔ عدالت عظمیٰ میں اپیل:۔ مجازی (Virtual) اثاثہ جات اپیلٹ ٹربیونل کے حکم سے متاثرہ کوئی بھی شخص عدالت عظمیٰ کی جانب سے صراحت کردہ قواعد کے تحت ساٹھ دنوں کے اندر عدالت عظمیٰ میں اپیل دائر کرسکتا ہے۔

حصہ دس

محصول عائد کرنے کا عمل اور آڈٹ میں تعاون

۵۴۔ **وفاقی محصول بورڈ کو رپورٹ کرنا:۔** اس آرڈیننس کے تحت مجازی (Virtual) اثاثہ کا سروس فراہم کنندہ، ہر ایک لائسنس یافتہ محصول پیشگی منہائی کی ذمہ داریوں کی تعمیل کریگا اور محصول آمدن آرڈیننس ۲۰۰۱ء کے تحت صراحت کردہ معلوماتی گوشوارہ داخل کرے گا اور مجازی اثاثہ جات اور مجازی اثاثہ کی سروس فراہم کنندہ کی آمدن سے متعلق لین دین کی بابت وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ کسی بھی قواعد یا ضوابط کی تعمیل کرے گا۔

حصہ گیارہ

اسلامی مالیات اور شریعت کی تعمیل

۵۵۔ **شرعی مشاورتی کمیٹی کا کردار:۔** (۱) اتھارٹی ایک مشاورتی کمیٹی ایسی ترکیبی عمل اور ایسے طریقہ کار میں تشکیل دے گی جیسا کہ قواعد کے ذریعے صراحت کیا جائے۔

(۲) شرعی مشاورتی کمیٹی اتھارٹی کو مجازی اثاثہ کی مصنوعات اور سروسز کی شرعی تعمیل پر مشورہ دے گی۔

(۳) شریعہ مشاورتی کمیٹی کی جانب سے متعین کردہ اسلامی مصنوعات کے بارے میں جاری کردہ احکام ایسی مصنوعات کی پیشکش یا کاروبار کرنے والے لائسنس داروں پر لازم ہوگی۔

۵۶۔ **شریعت کی تعمیل میں مجازی (Virtual) اثاثہ کی مصنوعات کی تصدیق:۔**

(۱) ایک لائسنس یافتہ اتھارٹی کو تصدیق کے لیے درخواست جمع کرا سکتا ہے کہ مجازی (Virtual) اثاثہ کی مصنوعات شریعت کے مطابق ہیں۔

(۲) اتھارٹی ایسی قیود و شرائط اور جاری نظر ثانی پر تصدیق عطا کر سکتی ہے جیسا کہ اتھارٹی شرعی مشاورتی کمیٹی کی مشاورت سے مناسب سمجھے۔

حصہ بارہ

متفرقات

۵۷۔ قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔ اتھارٹی جیسا کہ اس آرڈیننس کے اغراض کو عمل میں لانے اور اطلاق کے لیے ضروری سمجھے وفاقی حکومت کی منظوری سے قواعد وضع کر سکتی ہے ۔

۵۸۔ ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔ اتھارٹی جیسا کہ اس آرڈیننس کے اغراض کو عمل میں لانے اور اطلاق کے لیے ضروری سمجھے ضوابط وضع کر سکے گی۔

۵۹۔ عذر مانع اختیار سماعت:۔ فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی قانون میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف اور ماسوائے اس آرڈیننس یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد وضوابط کے تحت کی گئی کارروائی پر یا کسی بھی فیصلے پر کسی بھی ایجنسی کی جانب سے اعتراض نہیں کیا جائے گا یا کسی بھی عدالت یا ٹربیونل میں چیلنج نہیں کیا جائے گا نہ ہی مذکورہ فیصلوں یا کارروائیوں پر حکم امتناعی عطا کیا جائے گا۔

۶۰۔ عبوری احکامات:۔ (۱) اس وقت تک کہ جب تک پاکستان مجازی (Virtual) اثاثہ انضباطی اتھارٹی کا اس آرڈیننس کے تحت باضابطہ اعلان نہیں کیا جاتا اور چلائے جانے کے قابل نہ ہوتی وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے کسی بھی موجودہ ڈویژن، انضباطی اتھارٹی یا ہیئت جمیعہ کو اس آرڈیننس کے تحت اتھارٹی کو تفویض ذمہ داریاں ادا کرنے، کارہائے منصبی انجام دینے اور اختیار ا استعمال کرنے کے لیے نامزد کر سکتی ہے۔

(۲) کوئی بھی شخص جو اس آرڈیننس کے آغاز نفاذ سے فوراً قبل، مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کر رہا ہو مذکورہ آغاز ونفاذ سے چھ ماہ کے اندر یا تو اتھارٹی کو درخواست دے گا یا اتھارٹی کو اس آرڈیننس کے تحت لائسنس کے لیے نامزد کرے گا یا مذکورہ سروس جاری رکھنے کو ترک کرے گا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) میں صراحت کردہ عبوری مدت کے دوران کوئی بھی شخص جو مجازی اثاثہ سروسز فراہم کر رہا ہو اتھارٹی کی جانب سے نامزد کردہ ڈویژن، انضباطی اتھارٹی یا ہیئت کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی تعمیل کرے گا۔

۶۱۔ **وفاقی حکومت کا پالیسی ہدایات جاری کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے اتھارٹی کو اس کی کارروائیوں کو قومی پالیسیوں، ترجیحات اور مفادات کو جو اس آرڈیننس کے تحت قائم کردہ ڈھانچے اور مقاصد سے ہم آہنگ ہوں کو ہم آہنگ کرنے کے لیے پالیسی ہدایات جاری کر سکے گی۔ مذکورہ پالیسی ہدایات اتھارٹی کی آپریشنل خودمختاری میں رکاوٹ نہیں بنے گی۔

۶۲۔ **ازالہ مشکلات:۔** اگر اس آرڈیننس کے کسی بھی احکامات کو مؤثر بنانے میں کوئی بھی قاعدے کے مطابق یا آپریشنل مشکل پیش آئے تو وفاقی حکومت اس آرڈیننس کے آغاز ونفاذ سے چھ ماہ کے اندر ایسا حکم وضع کر سکے گی جو اس آرڈیننس کے احکامات سے متناقص نہ ہو جیسا کہ اس کو مذکورہ مشکل کے ازالہ کے لیے ضروری یا فوری نظر آئے۔

جدول ا

(دیکھیں دفعہ ۱۴)

مجازی (Virtual) اثاثہ جات سروس کی کیٹگریز

ذیلی کی فہرست میں مجازی (Virtual) اثاثہ سروسز کی اقسام اوران کی تفصیل شامل ہوگی۔

سروس کیٹگری	تفصیل
مشاورتی سروسز	ایک صارف کو ذاتی سفارشات کی فراہمی یا تو درخواست پر یا مجازی (Virtual) اثاثہ سروس فراہم کنندہ گان کی شروعات پر ایک یا ایک سے زیادہ کارروائیوں یا لین دین سے متعلق جن میں مجاز اثاثے شامل ہیں۔
دلال۔بیوپار،سروسز	سے حسب ذیل میں سے کوئی بھی مراد ہے۔ (الف) دوفریقین کے مابین مجازی (Virtual) اثاثوں کی خرید وفروخت کے لیے آرڈرز کا بندوبست یا سہولت فراہم کرنا؛ (ب) آرڈرز قبول کرنا یا درخواست کرنا اور کاغذی کرنسی یا مجازی (Virtual) اثاثہ جات میں معاوضہ وصول کرنا؛ (ج) مجازی (Virtual) اثاثے کی سروس فراہم کنندہ کے اپنے کھاتے میں مجازی (Virtual) اثاثوں کی تجارت کرنا۔ استثناء: ایک شخص جو اپنے ہی کھاتے میں بلا شرکت غیرے کاروبار کر رہا ہے گاہک کی جانب سے آرڈرز پورے نہیں کر رہا اور گاہک کے اثاثوں کو قبضے میں یا کنٹرول میں نہیں رکھتا تو اس آرڈیننس کے اغراض کے لیے دلال، بیوپار کی سروسز کو انجام دینے کے طور پر شمار نہیں کیا جائے گا۔ (د) گاہک کے اثاثوں کے استعمال سے بازاری آمدن؛ یا (ہ) اجارہ کنندہ کے لیے تعیناتی یا تقسیم کا اہتمام کرنا۔

تحویلی سروسز	سے مجازی (Virtual) اثاثوں کے گاہکوں کے واسطے یا مذکورہ مجازی (Virtual) اثاثوں کے ذرائع کو محفوظ رکھنا یا کنٹرول کرنا مراد ہے۔
تبادلہ سروسز	سے حسب ذیل میں سے کوئی ایک مراد ہے۔ (الف) کاغذی کرنسی کے لیے مجازی (Virtual) اثاثوں کا تبادلہ؛ (ب) ایک یا ایک سے زیادہ اقسام کے مجازی (Virtual) اثاثوں کا تبادلہ؛ (ج) خریداروں اور فروخت کرنے والوں کے مابین آرڈرز کا مماثلت کرنا؛ اور (الف) اور (ب) میں بیان کردہ گفتگو پر عمل درآمد کرنا؛ یا (د) مندرجہ بالا اغراض کے لیے آرڈر بک کو برقرار رکھنا۔
قرض دہی اور قرض خواہی کی سروسز	سے مجازی (Virtual) اثاثوں پر مشتمل قرض دینے یا ادھار لینے کے انتظامات کے لیے سہولت مراد ہے، جہاں ایک یا زیادہ قرض دہندگان مجازی (Virtual) اثاثوں کو ایک یا ایک سے زیادہ ادھار لینے والوں کو ایک صراحت کردہ وقت پر یا مطالبے پر مشروط قرض دیتے ہیں یا منتقل کرتے ہیں مراد ہیں۔

مجازی (Virtual) اثاثہ ماخوذہ سروسز	سے ماخوذہ میں لین دین کی پیشکش یا سہولت کاری جس میں ایک مجازی (Virtual) اثاثہ ان کے بنیادی حوالہ اثاثہ کے طور پر ہے۔
مجازی اثاثہ انتظام اور سرمایہ کاری سروسز	سے کسی دوسرے شخص کے مجازی (Virtual) اثاثوں کے انتظام یا انتظام کے مقصد کے لیے کسی وفادار یا ایجنسی کی صلاحیت میں کام کرنا مراد ہے۔ بشمول:۔ (الف) مجازی (Virtual) اثاثے پر مشتمل قلمدان یا سرمایہ کاری کا انتظام؛ اور (ب) توثیق کار یا نیٹ ورک کے انعامات حاصل کرنے کے لیے صارفین کی جانب سے داؤ پر لگانے کی ذمہ داری۔
مجازی (Virtual) اثاثہ منتقلی اور تصفیہ سروسز	صارفین کی جانب سے فریقین کے مابین ایک ایک زنبیل پتہ یا مقام سے دوسرے میں مجازی (Virtual) اثاثوں کی منتقلی، ترسیل یا تصفیہ شامل ہے
وضعی حوالہ دیا گیا اجرا ٹوکن سروسز	کسی بھی کاغذی حوالہ دیا گیا اثاثہ کا اجرا پیشکش، انفکاک یا جاری انتظام بشمول محفوظ اثاثے قائم کرنا یا ان کا انتظام کرنا جو کاغذی حوالہ دیا گیا ٹوکن کی قدر کی حمایت کر رہا ہو:۔ * محفوظ اثاثہ جات کو قائم کرنا یا چلانا جنھیں کاغذی۔ حوالہ ٹوکن کی قدر کی تائید ہو؛ * صارفین یا حامل کنندگان کو انفکاک کے حقوق یا سیالیت پذیری فراہم کر رہا ہو۔ * کسی بھی انفراسٹکچر کو چلانا جو اس کے کاغذی حوالہ دیئے گئے ٹوکن کو اجرا منتقلی یا تبدیلی کے قابل بنائے۔ * کاغذی حوالہ دیئے گئے ٹوکن کے بنیادی جاری کنندہ، محفوظ کنندہ، تحویل دار یا مرکزی منتظم کے طور پر کام کرنا۔

جدول ۲

(دیکھیں دفعہ ۲۲)

کم سے کم اداشدہ سرمایہ

کیٹگری	سرمایہ (پاکستانی روپیہ میں)
تبادلہ	1,000,000,000/=
دلال بیوپار	100,000,000/=
صرف تحویل میں	200,000,000/=
کاغذی حوالہ دیا گیا ٹوکن کا اجراء کنندہ	1,000,000,000/=
اثاثے کا حوالہ دیا گیا اجراء کنندہ	100,000,000/=
اثاثے کا حوالہ دیا گیا ٹوکن کا اجراء کنندہ	1,000,000,000/=
دیگر	جیسا کہ مقرر کیا جائے

جدول ۳

(دیکھیں دفعات ۲۶ اور ۲۷)

اہم جاری کنندہ کی حدیں اور محفوظ میٹرکس

(۱) جاری کنندہ کو ''اہم'' سمجھا جائے گا جہاں:

(الف) کاغذی حوالہ دیئے گئے یا اثاثے کا حوالہ دیا گیا ٹوکن کی کل سرمایہ گری بازار پانچ بلین پاکستانی روپے (PKR. 5,000,000,000/=) سے زیادہ ہو یا۔

(ب) کاغذی حوالہ دیا گیا یا اثاثہ کا حوالہ دیا گیا ٹوکن کے پاکستان میں مقیم صارفین کی تعداد پانچ ملین (PKR. 5,000,000/=) سے زیادہ ہو؛ یا

(ج) دیگر ایسی حدیں جیسا کہ اتھارٹی کی جانب سے صراحت کی جائیں۔

(۲) اہم جاری کنندگان کو محفوظ اثاثوں کے کم سے کم تین فیصد (3%) کے مساوی اضافی ایسے فنڈ کو برقرار رکھنے کی ضرورت ہوگی جس کی حد پاکستانی روپے ۲ بلین (یا ایسی کم یا زیادہ حد جو کہ اتھارٹی ضوابط میں تجویز کرسکتی ہے) اور بڑھا ہو رسک تخمینہ اور گورننس جمع کرائیں گے۔

بیان اغراض و وجوہ

جدید مالیاتی نظام کے ارتقائی جزو کے طور پر ورچوئل اثاثہ جات ایک ایسی مخصوص انضباطی اتھارٹی کے قیام کے متقاضی ہیں جو ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات فراہم کنندگان کو لائسنس دینے اور ان کی نگرانی کرنے کی مجاز ہو، جس کا مقصد سرمایہ کاروں کے تحفظ، شفافیت اور مارکیٹ کی ساکھ کو یقینی بنانا ہے۔ یہ اتھارٹی سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنائے گی، جدت اور ورچوئل اثاثہ جات کی منڈی میں شفافیت کو فروغ دے گی۔ یہ اتھارٹی محفوظ تجارت کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے گی، منی لانڈرنگ اور دھوکہ دہی جیسی غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کرے گی اور عالمی مسابقت کو فروغ دے گی۔

۲۔ لہٰذا اس اتھارٹی کو بااختیار بنانے والے ایک ایسے متعلقہ قانونی فریم ورک کی بھی ضرورت ہے تاکہ منی لانڈرنگ، دہشت گردوں کی مالی معاونت اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ہو سکے، اور جدت، مالی شمولیت، اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جائے اور بین الاقوامی معیار کے مطابق شریعت پر مبنی ورچوئل اثاثہ جات کی خدمات کو ترقی دی جائے۔

۳۔ ورچوئل اثاثہ جات آرڈیننس، ۲۰۲۵ء کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/-

سینیٹر محمد اورنگزیب

وزیر برائے خزانہ و محاصل